ABC CERTIFEID
وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد
Daily
SHEHAR NAMA
Islamabad

ایڈیٹر
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | ہفتہ 10 اکتوبر 2026ء 26 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 36
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

خیبر پختونخوا ایمرجنسی یا گورنر راج تیاریاں مکمل، افسران کو تیار رہنے کی ہدایت

خیبر پختونخوا کے بارہ اضلاع میں ممکنہ ایمرجنسی کے حوالے سے متعلقہ حکام کو پیشگی تیاری کی ہدایت، سرکاری افسران کو بطور ایڈمنسٹریٹر تعینات کیے جانے کا امکان

تعینات کیے جانے والے ایڈمنسٹریٹرز متعلقہ اضلاع کے تمام انتظامی معاملات کی نگرانی کریں گے اور سرکاری امور ان کی نگرانی میں چلائے جائیں گے

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ممکنہ ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، متعلقہ اضلاع میں تعینات اعلیٰ انتظامی افسران کو تیار رہنے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے بارہ اضلاع میں ممکنہ ایمرجنسی کے حوالے سے متعلقہ حکام کو پیشگی تیاری کی ہدایت کی گئی ہے، ایمرجنسی نافذ ہونے کی صورت میں ان اضلاع میں سرکاری افسران کو بطور ایڈمنسٹریٹر تعینات کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ممکنہ ایمرجنسی کے دوران تعینات کیے جانے والے ایڈمنسٹریٹرز متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

IMF شرائط، گیس بجلی صارفین کیلئے سلیب اور سبسڈی ختم تیاری شروع

آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں، سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری

بجلی اور گیس پر سبسڈی صرف مستحق اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ذرائع

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں جب کہ گیس اور بجلی صارفین کے لیے موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری ہے۔ ذرائع نے کہا کہ بجلی میں نیا سبسڈی نظام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

نوبیل انعام جنوبی افریقا کی خاتون وکیل کے نام، ٹرمپ پھر محروم

ڈربن میں پیدا ہونے والی ناوانیتھم ناوی پلے بھارتی نژاد خاندان سے تعلق رکھتی ہیں

سویڈن(نمائندہ خصوصی) سویڈن کی رائل سوئیڈش اکیڈمی نے امن کے نوبیل انعام 2026 کا اعلان کردیا ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش اس بار بھی پوری نہیں ہوسکی۔ اس سال کا نوبیل امن انعام جنوبی افریقا سے تعلق رکھنے والی ہیومین رائٹس وکیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مکہ معاہدہ خطے میں استحکام کی ضمانت، سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا: ترجمان پاک فوج

پاکستان نے انتہائی دیانت دار ثالث کے طور پر غیر جانب داری سے امریکا ایران جنگ بندی کے لئے اہم کردار ادا کیا ہے، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے

اپنے تمام شراکت داروں اور دوستوں کو بتایا ہے کہ جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا غیر ملکی چینل کو انٹرویو

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) افواج پاکستان کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے، اور سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت عملی کارروائی کے حوالے سے واضح کیا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے کہ یہ کس طرح ہوگا، کون سا دستہ وہاں جائے گا اور اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ انہوں نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کو خطے کے استحکام کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں حالیہ برسوں میں نئے سیکیورٹی چیلنجز نے جنم لیا ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کا کام کرے گا۔ ڈی جی آئی ایس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

مستحق طبقات کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے بھرپور کوشش کی جائے: اسحاق ڈار

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

پیٹرول کی قیمت میں کمی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) حکومت نے اگلے 3 روز کے لیے پیٹرول کی قیمت میں معمولی کمی جبکہ ڈیزل کی قیمت میں مزید اضافہ کردیا۔ پیٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

چارسدہ، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

شمالی وزیرستان سیکیورٹی فورسز کی کارروائی 7 دہشت گرد ہلاک، متعدد ٹھکانے تباہ

عزم استحکام ویژن کے تحت کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی کا سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

میرانشاہ(صباح نیوز) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ شمالی وزیرستان کے علاقہ میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں، سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ عزم استحکام ویژن کے تحت جاری کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

حوثی ملیشیا کے ریاض اور خمیس مشیط پر بیلسٹک میزائل حملے

سکول اور میڈیکل کمپلیکس کو نقصان، گزشتہ حملوں میں 3 جاں بحق، 28 زخمی ہوئے تھے

ریاض(صباح نیوز) حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض اور شہر خمیس مشیط کو نشانہ بنانے کی کوششیں ناکام بنا دی گئیں۔ اتحادی افواج نے ریاض کی جانب فائر کیے گئے بیلسٹک میزائل کو فضا میں ہی تباہ کردیا، تاہم اس کا ملبہ گرنے سے ایک اسکول اور میڈیکل کمپلیکس کو نقصان پہنچا۔ حکام کے مطابق واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دوسری جانب خمیس مشیط میں بھی اتحادی افواج نے دو بیلسٹک میزائل مار گرائے۔ اس سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

نوشہرہ، 3 اہلکار لاپتہ، شبہ ہے خارجیوں نے اغوا کرلیا، ایس ایچ او

بازیابی کیلئے مقامی عمائدین اور ٹی ٹی پی کے درمیان مذاکرات جاری ہیں، ذرائع

نوشہرہ(آئی این پی) نوشہرہ کے تھانہ نظام پور کے 3 پولیس اہلکار لاپتا ہوگئے ہیں جن میں تھانے کا محرر اور 2 کانسٹیبل شامل ہیں، پولیس کے مطابق اہلکاروں کے اغوا کا شبہ ہے اور اس میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے ملوث ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ تھانہ نظام پور کے ایس ایچ او کی جانب سے درج کی گئی انفارمیشن رپورٹ کے مطابق یہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پی آئی اے نے ریاض کے لئے فضائی آپریشن ملتوی کردیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے لیے اپنا فضائی آپریشن عارضی طور پر معطل کردیا ہے۔ ترجمان پی آئی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

اروشا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے ہمراہ ایرانی پارلیمانی وفد کا گروپ فوٹو

انمول پنکی کیخلاف منشیات برآمدگی کیس میں اہم پیش رفت

ملزمہ انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش

کراچی(آئی این پی) کوکین کوئین انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات برآمدگی کے مقدمہ میں اہم پیش رفت سامنے آگئی اور ملزمہ کو دو گواہوں نے شناخت کرلیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں ملزمہ انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا، گواہان کے بیان کے مطابق ویڈیو لنک میں موجود ملزمہ کو گارڈن کی حدود سے گرفتار کیا گیا تھا (باقی صفحہ 3 قیہ نمبر 36)

عظمی خان اور نورین نیازی کو سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب

لاہور(آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نورین نیازی اور عظمی خان کو جیل میں ادویات، کپڑوں سمیت دیگر سہولیات کے حوالے سے رپورٹ طلب کرلی۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

جوڈیشل کمیشن میں نئی نامزدگیاں، بلاول بھٹو، رانا ثناء رکن مقرر، نوٹیفکیشن جاری

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور سینیٹر رانا ثناء اللہ جوڈیشل کمیشن میں حکومتی اتحاد کی نمائندگی کریں گے

کمیشن کے دو ارکان پی پی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک اور مسلم لیگ (ن) کے شیخ آفتاب عہدوں سے مستعفی ہو گئے تھے

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان و چیئرمین جوڈیشل کمیشن جسٹس یحییٰ آفریدی کی باضابطہ منظوری کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رانا ثناء اللہ خان کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا رکن مقرر کردیا گیا ہے۔ اس تبدیلی کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق بلاول بھٹو زرداری اور سینیٹر رانا ثناء اللہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیر خزانہ کی نیدرلینڈز کے کاروباری وفد سے ملاقات، سرمایہ کاری پر گفتگو

اسلام آباد(آئی این پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے فانڈرز کاربن نیٹ ورک (ایف سی این) کی قیادت میں پاکستان کے دورے پر آئے نیدرلینڈز کے کاروباری و سرمایہ کار وفد کے اعزاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانی ڈی پورٹ

زیادہ تر افراد ایئر روٹس سے گئے اور یورپ داخلے کی کوشش میں پکڑے گئے

راولپنڈی(آئی این پی) یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کرکے خصوصی پرواز کے ذریعے اسلام آباد بھیج دیا گیا۔ ڈی پورٹیز کا تعلق ضلع منڈی بہاالدین، گجرات، گجرانوالہ اور سیالکوٹ سے ہے، جبکہ اسلام آباد کا صرف ایک ڈی پورٹی اس فہرست میں شامل ہے۔ یہ تمام افراد لیبیا کے راستے غیر قانونی طریقے سے یونان داخل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

وزراء کی بیان بازیاں جاری رہیں تو وزیراعظم سے ملاقات نہیں کرینگے، حافظ نعیم

نوجوان تیار رہیں، پٹرولیم لیوی ختم نہ ہوئی تو فیصلہ اسلام آباد کی سڑکوں پر ہوگا

امیر جماعت اسلامی کا چارسدہ میں جلسہ عام، پشاور میں بنو قابل تقریب سے خطاب

چارسدہ(نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ وفاقی وزراء کی جانب سے لیوی ختم نہ کرنے کے بیانات جاری رہے تو وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات نہیں کریں گے بلکہ اسلام آباد کی سڑکوں پر فیصلہ ہوگا، عوام اپنا حق لینا جانتے ہیں، بارہ اکتوبر تک اعلان کردیں گے کہ وفاقی دارالحکومت کب پہنچنا ہے۔ پٹرولیم لیوی کا مکمل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے سویڈن کی سفیر ملاقات کررہی ہیں

فیصل کریم کا سہیل آفریدی کو مستعفی ہونے کا مشورہ

دہشتگردی کے خلاف جنگ ہماری ریڈ لائن ہے، گورنر کے پی کے

پشاور(آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعلیٰ کو مستعفی ہونے کا مشورہ دے دیا، لانگ مارچ پر تنقید اور 9 مئی جیسے اقدامات کی کوشش پر نتائج بھگتنے کی وارننگ دے دی۔ رپورٹ کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ ہماری ریڈ لائن ہے، اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا اور صوبے کو دہشتگردوں کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

وزارت مذہبی امور اور وزارت انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی بورڈ میں شامل

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی کابینہ نے تین سال کیلیے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری دے دی۔ وزارت مذہبی امور کے جوائنٹ سیکریٹری اور وزارت انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی بورڈ میں شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ متروکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری اراکین کو بھی شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی، پاکستان اور سری لنکن ٹیموں میں ٹی ٹونٹی میچ سے پہلے ٹاس کیا جارہا ہے

کرک، دہشت گردی میں شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

افسران اور جوانوں کی بڑی تعداد شریک، جسدِ خاکی سرکاری اعزاز کیساتھ تدفین کیلئے روانہ

پشاور(صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نیو کڑپہ، ضلع کرک میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی کارڈیالوجی نرس کیس، ملزمہ کی عبوری ضمانت کنفرم

نرس اور ملزمہ کے درمیان جھگڑے پر خاتون کی گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا، ریمارکس

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کی اسٹاف نرس پر تشدد کے مقدمے میں عدالت نے ملزمہ زربینہ بی بی کی عبوری ضمانت کنفرم کردی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج قاسم جاوید نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزمہ کو 7 روز میں 30 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

بچوں کے خون سے سودا کرنے والوں سے کیا مذاکرات کریں، بیرسٹر دانیال

پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

خیبر پختونخوا میں تماشا لگا ہوا ہے، وزیراعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے، پریس کانفرنس

راولپنڈی(صباح نیوز) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے اور اب یہ مزید نہیں چلنے دینا چاہئے، سیاسی جماعتوں سے سوال ہے کہ اور کتنا انتظار کریں گی، کچھ دنوں سے خیبر پختونخوا میں طوفان بدتمیزی اور تماشا لگا ہوا ہے، وزیراعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

شکاگو چیمبر آف کامرس کی تقریب، ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوارڈز اور اسناد تقسیم کیں

بدلتے ہوئے پیشہ وارانہ تقاضوں سے ہم آہنگی، عملی تجربہ اور رہنمائی نوجوانوں کے لیے ناگزیر ہے وفاقی وزیر

علم، ہنر اور محنت نوجوانوں کی کامیابی ہیں، شکاگو چیمبر آف کامرس کی تقریب سے نوید انور کا خطاب

اسلام آباد، وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری ایوارڈ تقسیم کررہے ہیں

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل نوجوانوں کی صلاحیت، علم اور محنت سے وابستہ ہے، طلبہ کو مستقبل کے حوالے سے اہم سوالات اور فیصلوں کا سامنا ہوتا ہے جن میں شعبے کا انتخاب اور بدلتے ہوئے پیشہ وارانہ تقاضوں کے مطابق تیاری شامل ہے، عملی تجربہ، پیشہ وارانہ رہنمائی اور سرپرستی نوجوانوں کو بہتر فیصلے کرنے اور اعتماد کے ساتھ آگے بڑھنے میں مدد دے سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس (پی اے سی سی سی) کے زیر اہتمام ایوارڈز اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

تحریک انصاف کا سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا، علی محمد خاں نے کہا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کا تیسرا دور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

احتجاج کیس، علیمہ خانم کیخلاف محفوظ فیصلہ تیسری بار موخر

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے علیمہ خانم کے خلاف 26 نومبر احتجاج کیس کا محفوظ فیصلہ تیسری بار مؤخر کردیا۔ علیمہ خانم کے وکیل محمد فیصل ملک سمیت قانونی ٹیم عدالت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

طویل جنگ جاری رکھنے کے لئے اسلحہ وافر ہے، ایران

تہران (صباح نیوز) ایران نے اپنے دشمن کو خبردار کیا ہے کہ طویل جنگ جاری رکھنے کے لئے ہمارے پاس اسلحے کی وافر پیداواری صلاحیت موجود ہے، جنگ کے دوران تقریباً 9 ہزار کمپنیوں نے رضاکارانہ طور پر فوجی سازوسامان کی تیاری کی کوششوں میں حصہ لیا۔ ایران کی وزارت دفاع کے ترجمان رضا طلائی نیک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پاکستانی تاجروں کو امریکی منڈیوں سے جوڑنا ہمارا مشن ہے، نوید انور

چیمبرز کے اشتراک سے کاروباری تعاون بڑھانے سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنیکی کوششیں جاری

پاک امریکہ تجارت کے فروغ، کاروباری کیلئے اہم پلیٹ فارم ہے

تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری شراکت داری کے فروغ کیلئے کوشاں، صدر PACCC

اسلام آباد(گفتگو راجہ جاوید اختر) پاکستان امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس (PACCC) امریکہ میں مقیم پاکستانی کاروباری برادری کے لیے ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جس کا بنیادی مقصد پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری شراکت داری اور پیشہ ورانہ تعاون کو فروغ دینا ہےاان خیالات کا اظہار کا صدر نوید انور نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد ایڈیٹر شہرنامہ نیوز راجہ جاوید اختر پاکستان امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس (PACCC) کے صدر نوید انور گفتگو کرتے ہوئے

نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی جاتی امرا میں ملاقات

ملاقات میں ملکی سیاسی امور اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر گفتگو کی گئی

رائیونڈ(صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار پٹرول ریلیف سکیم بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ریاض حملے میں سعودی ایئرلائنز کا پائلٹ بھی جاں بحق ہوا، حکام کی تصدیق

پہلے حملے میں تنصیبات، دوسرے میں سعودی طیارے کو نشانہ بنایا گیا، عرب نیوز

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب کی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ریاض ایئرپورٹ پر دو حملوں کے نتیجے میں سعودیہ ایئرلائنز کے پائلٹ سمیت 3 افراد کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے کی تصدیق کردی۔ سعودیہ ایئرلائنز نے اپنے بیان میں پائلٹ کیپٹن حمود علی الشقمی کی ہلاکت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

سہیل آفریدی سمیت 27 درخواستوں پر سماعت 20 اکتوبر تک ملتوی

پشاور (آئی این پی) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

حنا جاوید قتل کیس میں اہم پیشرفت اعلیٰ سطحی تحقیقات کا آغاز

راولپنڈی (آئی این پی) حنا جاوید قتل کیس کی اعلیٰ سطحی تحقیقات شروع ہوگئیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی تشکیل کردہ تحقیقاتی ٹیم راولپنڈی پہنچ گئی، ایڈیشنل آئی جی پنجاب سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ نے جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی، 15 سالہ بچی کے قتل اور زیادتی کی تصدیق

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں 15 سالہ میمونہ کے قتل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

عالمی فضائی کمپنیوں کی سعودی عرب کے لئے پروازیں معطل

ریاض (صباح نیوز) ریاض کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کو میزائل سے نشانہ بنائے جانے کے حوثی دعوے کے بعد متعدد بین الاقوامی فضائی کمپنیوں نے سعودی دارالحکومت کے لئے پروازیں معطل یا منسوخ کردی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)


شہرنامہ
NEWS DIGITAL
شہر کی باتیں
شہرنامہ کے ساتھ
عوام کی حقیقی آواز
(شہرنامہ) جس میں ہوگی ہر شہر کی کہانی،
شہر اقتدار سے لیکر چوک چوراہے تک
خیبر سے کراچی، کشمیر، مکران،
گلگت بلتستان تک
امیدیں، خواب، مشکلات، مسائل
- سبھی موضوع پر ہوگی بات.
شہرنامہ آپ کی آواز، آپ کا پلیٹ فارم، آپ کا پروگرام
راجہ جاوید اختر
کے ساتھ
دیکھیے ہر ہفتہ
اتوار
رات 8:00 بجے
شہر سے شہری تک آزادانہ صحافت کا خوبصورت انداز شہرنامہ
www.sheharnamanews.com / SheharnamaNews

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

اَنا کو قومی مفادات سے بڑا نہیں ہونا چاہئے!

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا لانگ مارچ پانچویں روز میں داخل ہو گیا ہے، قافلہ گزشتہ شب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے آبائی ضلع خیبر پہنچا جہاں سے وہ پشاور کی طرف روانہ ہوگا۔ وفاقی حکومت نے مارچ ملتوی کرنے کے لئے پی ٹی آئی کے ساتھ دو اور تین اکتوبر کو مذاکرات کے دو ادوار کیے تاہم فریقین کے مابین اتفاقِ رائے نہ ہو سکا جس پر پی ٹی آئی نے عمران خان کی رہائی سمیت متعدد دیگر مطالبات کے حق میں چار اکتوبر کو لکی مروت سے لانگ مارچ شروع کر دیا۔ لکی مروت سے قافلہ کرک، کوہاٹ اور پھر متنی سے ہوتا ہوا خیبر پہنچا جہاں ڈی ٹور روڈ پر پڑاؤ ڈالا گیا۔ ابتدائی منصوبے کے مطابق قافلے نے کوہاٹ سے براہِ راست پشاور جانا تھا اور رات متنی کے قریب گزارنا تھی تاہم منگل کو مارچ کا روٹ تبدیل کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے خیبر میں لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ مسلط ذہنیت اُن سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی تھی لیکن جب تک وہ وزیر اعلیٰ ہیں خیبر پختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دیں گے اور عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کریں گے، حکومت کے ساتھ مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے، مسلط ذہنیت ایک اور فوجی آپریشن پر دستخط کرانا چاہتی تھی لیکن وہ کبھی ایسی کسی پالیسی کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اُن کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ صوابی تک جائے گا اور پھر وہاں وہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ دریں اثناء، اُنہوں نے صوبائی کابینہ کے اجلاس سے بھی خطاب کیا جس میں اُن کا کہنا تھا کہ گورنر کا چیف سیکرٹری اور آئی جی کو طلب کرنا اور ان کے ساتھ مشاورت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے، دو تہائی اکثریت کی حامل صوبائی حکومت کی موجودگی میں اِس طرح کا اجلاس کسی صورت قابلِ قبول نہیں، وزیر اعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ عدم اعتماد کی صورت آئین میں موجود ہے، کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

صوبائی حکومت پر اِس وقت یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف ریاست کی بقاء کی جنگ میں اُس کے ساتھ نہیں کھڑی، شدت سے الزام لگایا جا رہا ہے کہ اُس کا بیانیہ وہی ہے جو کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) یعنی "فتنہ الخوارج" کا رہا ہے۔ یہ تاثر عام ہو رہا ہے کہ صوبائی حکومت کا موقف اُس بیانیے کا عکاس ہے جس کے تحت ماضی میں دہشت گردی کے خلاف جنگ کو "ڈالرز کے لئے مسلط کی گئی جنگ" قرار دیا جاتا رہا اور یہ کہا جاتا رہا کہ "یہ ہماری اپنی جنگ نہیں ہے"۔ اِسی سوچ کے تحت نہ صرف فوجی کارروائی کی مخالفت کی جاتی ہے بلکہ ٹی ٹی پی اور اُن کے سہولت کاروں بالخصوص افغان طالبان حکومت کی طرف سے کیے جانے والے خونریز حملوں کی کھل کر مذمت نہیں کی جاتی۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں تشویشناک اور ہولناک اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ رواں سال کے ابتدائی نو ماہ کے دوران 1,018 بڑے دہشت گرد حملے ہو چکے ہیں۔ اِن کا سب سے بڑا ہدف ریاست کی پہلی دفاعی لائن یعنی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے رہے ہیں جنہیں دو تہائی حملوں میں نشانہ بنایا گیا۔ اِن سفاکانہ کارروائیوں میں 1,959 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں اور اِن میں بڑی تعداد پولیس افسروں، جوانوں اور عام شہریوں کی ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ دہشت گردی کی اِس لہر کے مقابلے کے لئے صوبائی پولیس فورس کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے بجائے اِنہیں دانستہ یا نادانستہ طور پر کمزور رہنے دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا پولیس کے انسپکٹر جنرل بارہا اِس ناگفتہ بہ صورت حال اور وسائل کی عدم دستیابی پر تشویش کا اظہار کر چکے ہیں۔ آج بھی کے پی کے پولیس میں نو ہزار سے زائد آسامیاں خالی پڑی ہیں جبکہ کچے پکے یا مٹی کے بنے ہوئے بنکرز اور پولیس چیک پوسٹیں جدید ترین اسلحے سے لیس دہشت گردوں اور خودکش حملوں کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں۔ اِن عارضی اور بوسیدہ پوسٹوں کو پختہ اور محفوظ بنانے کے لئے پولیس کو 42 ارب روپے درکار تھے لیکن طویل التجاؤں اور منت سماجت کے بعد قسطوں میں صرف 2.1 ارب روپے جاری کیے گئے۔ اِس ابتر صورتحال کے باعث پولیس فورس دہشت گردوں کے سامنے بے یار و مددگار دکھائی دیتی ہے۔ ناقدین کے نزدیک یہ محض انتظامی سستی نہیں بلکہ ایک دانستہ سنگین غلطی ہے۔

پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت پر یہ تنقید بڑھ رہی ہے کہ وہ اِس قومی جنگ میں ریاست کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے میں ناکام رہی ہے۔ وفاقی حکام اور ریاستی اداروں کا پیغام واضح ہے کہ مزید پاکستانیوں کا خون بہانے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور دہشت گردی کیخلاف زیرو ٹالرینس کی پالیسی اپنائی جائے گی۔ صورتحال کا تقاضہ ہے کہ صوبائی حکومت سڑکیں ناپنے اور اسلام آباد پر مبینہ طور پر چڑھائی کرنے کے بجائے سنگین الزامات کا ٹھوس اور منطقی جواب دے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی بطور انتظامی سربراہ اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کریں۔ صوبائی حکومت آئین میں درج گورنر راج یا ایمرجنسی کے خطرے کو سیاسی کارڈ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو سڑکوں پر لانے کی کوشش کر رہی ہے، اِس کا براہِ راست نتیجہ نہ صرف صوبے میں اَمن اور امان کی مزید خرابی بلکہ دہشت گردی کیخلاف جاری قومی جدوجہد کو نقصان پہنچانے کی صورت نکل سکتا ہے۔

صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ احتجاج کی سیاست کو مؤخر کر کے اپنے صوبے کے اَمن وامان پولیس سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پشتیبانی اور دہشت گردی کے خاتمے کو پہلی ترجیح بنائے۔ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان دوبارہ مذاکرات کے اشارے مل رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان سے بھی ملاقات کر چکے ہیں۔ اللہ کرے کہ ہمارے قومی اور صوبائی رہنما نکتہ آفرینی کے بجائے حالات کو سنبھالنے کی بھرپور کوشش کریں گے، کسی کی اَنا کو بھی قومی مفادات سے بڑا نہیں ہونا چاہئے۔

آر یا پار کی دھمکی!

پاکستانی سیاست بھی ایک عجائب گھر ہے جہاں ہر چند ماہ بعد ایک نیا نایاب نمونہ نمائش کے لیے پیش کر دیا جاتا ہے۔ خیبر پختونخوا کی سیاست کا تو قصہ ہی الگ ہے؛ یہاں روایتی نوابی، جرگوں اور نعرے بازی کے ملاپ سے سیاست کا ایسا مصالحہ تیار ہوتا ہے جسے دیکھ کر اچھے اچھے ہضم کے ڈراپس بھی جواب دے جاتے ہیں۔ اس وقت صوبے کی وزارتِ اعلیٰ کے تخت پر ایک نئے اور نوعمر جیسے باز، جناب محمد سہیل آفریدی براجمان ہیں۔ جب سے موصوف نے پشاور کے وزیر اعلیٰ ہاؤس کا چارج سنبھالا ہے، یوں لگتا ہے جیسے خیبر پختونخوا کی حکومت کوئی سیاسی انتظامیہ نہیں بلکہ 'انصاف اسٹوڈنٹ فیڈریشن' (ISF) کی صوبائی شاخ کا ہنگامی اجلاس بن چکی ہے۔

سہیل آفریدی صاحب کی سیاست کا موازنہ اگر ہم کسی شے سے کر سکتے ہیں تو وہ ہے تیز رفتار موٹر سائیکل، جس کا سائنسدانوں نے سائلنسر نکال دیا ہو اور جس کی بریکیں خود ڈرائیور نے 'انقلابی جذبے' میں کاٹ کر پھینک دی ہوں۔

سہیل آفریدی صاحب کا طرزِ سیاست دراصل تین اہم ستونوں پر کھڑا ہے: پہلا 'انقلابی غصہ'، دوسرا 'مائیکروفون پر قابو'، اور تیسرا 'اسلام آباد کو للکارنے کا لازوال جذبہ'۔ اگر آپ ان کی صبح کے سیاسی آغاز کا جائزہ لیں تو پتہ چلے گا کہ ان کا پہلا سرکاری کام فائلیں سائن کرنا نہیں، بلکہ پریس کانفرنس کی تیاری کرنا ہوتا ہے۔ ان کی پریس کانفرنسیں انتظامی نوعیت کی کم اور کسی ریسلنگ مقابلے کے فائنل میچ جیسی زیادہ لگتی ہیں، جہاں وہ باری باری وفاقی حکومت، حریف سیاستدانوں اور بیوروکریسی کو ایسی جلی کٹی سناتے ہیں کہ سننے والا حیران رہ جائے کہ یہ صوبے کا وزیر اعلیٰ بول رہا ہے یا یونیورسٹی کی کینٹین پر کسی دوسرے گروپ کو للکارتا ہوا ہاسٹل کا صدر!

ان کی حکمرانی کا سب سے منفرد پہلو ان کی اسپیڈ ※ ہے۔ وہ فیصلے اتنی تیزی سے کرتے ہیں کہ جب تک محکمے کا سیکرٹری ان کا پہلا حکم نامہ پڑھ کر چائے کا پہلا گھونٹ لیتا ہے، وزیر اعلیٰ صاحب ایک اور اجلاس بلا کر پرانے فیصلے میں تین ترمیمی نوٹیفکیشن جاری کر چکے ہوتے ہیں۔ بیوروکریسی کی حالت اس وقت اس استاد جیسی ہے جس کے پاس ایک ایسا اسٹوڈنٹ آ گیا ہو جو کلاس شروع ہونے سے پہلے ہی بلیک بورڈ پر سب کچھ لکھ کر مٹا بھی دیتا ہے اور بعد میں پوچھتا ہے: "سر! اب بتائیں اگلا سبق کیا ہے؟"

سہیل آفریدی صاحب کی سیاست کا ایک اور لافانی انداز ان کا 'پروٹوکول بمقابلہ سادگی' کا متضاد کھیل ہے۔ ایک طرف وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ عام قبائلی ورکر ہیں، جنہیں اقتدار کا کوئی شوق نہیں، لیکن دوسری طرف جب ان کا قافلہ سڑک سے گزرتا ہے تو گاڑیوں کی قطار دیکھ کر یوں لگتا ہے جیسے پورا اضلاع کا لشکر اسلام آباد پر چڑھائی کرنے جا رہا ہو۔ گاڑی سے نکلتے ہی وہ سب سے پہلے اپنے کپڑے درست کرتے ہیں، چہرے پر ایک سخت اور انقلابی تاثر لاتے ہیں اور پھر میڈیا کے کیمروں کی طرف یوں دیکھتے ہیں جیسے کیمرہ مین ان سے ان کی پٹھان خانگی زمینوں کا بقایا لگان مانگنے آیا ہو۔

خیبر پختونخوا کی تاریخ میں بڑے بڑے دھاندلی زدہ اور تجربہ کار سیاستدان آئے، لیکن سہیل آفریدی کی طرزِ سیاست بالکل الگ ڈیجیٹل دور کا پراڈکٹ ہے۔ وہ روایتی جوڑ توڑ اور نوابی ڈرائنگ رومز کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، ان کی اصل طاقت کا مرکز 'یوتھ کا جذبہ' اور 'موبائل سکرین' ہے۔ کوئی بھی مسئلہ ہو، چاہے صوبے کا بجٹ خسارہ ہو، بجلی کی لوڈ شیڈنگ ہو، یا اسلام آباد سے فنڈز کا التوا...... سہیل آفریدی کا واحد اور حتمی حل یہی ہوتا ہے: "قافلے تیار کرو، ہم اسلام آباد جا رہے ہیں!" وفاقی حکومت ان کے نام سے اتنی پریشان نہیں ہوتی جتنی ان کے کنٹینر کے ٹائروں کی ہوا سے ہوتی ہے، کیونکہ ہر دوسرے ہفتے ان کا موڈ بنتا ہے اور وہ پورے صوبے کی سرکاری مشینری کو اسلام آباد کے راستے پر گامزن کر دیتے ہیں۔

اگر ہم بات کریں ان کی قانون سازی اور انتظامی کارکردگی کی، تو وہاں بھی ایک عجیب و غریب تماشا دیکھنے کو ملتا ہے۔ اسمبلی میں جب اپوزیشن کے ارکان کوئی سنگین مالیاتی نقطہ اٹھاتے ہیں تو وزیر اعلیٰ صاحب مسکرا کر جواب دیتے ہیں: "یہ سب بعد میں دیکھیں گے، پہلے یہ بتاؤ کہ نظریے کے ساتھ کھڑے ہو یا نہیں؟" یعنی اگر آپ کے پاس بجلی کا بل بھرنے کے پیسے نہیں ہیں تو پریشان نہ ہوں، سہیل آفریدی صاحب آپ کو 'نظریاتی تسلی' کی ایسی خوراک دیں گے کہ آپ کو بجلی کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی اور آپ اندھیرے میں ہی انقلابی نعرے لگانے لگیں گے۔

سہیل آفریدی کی سیاست میں روایتی سیاسی حکمتِ عملی کا شدید فقدان ہے، لیکن اس کی جگہ انہوں نے 'بے باک جذباتی انداز' بھر دیا ہے۔ وہ بات چیت کی میز پر بیٹھنے کے بجائے ڈائس پر مکہ مارنے کو زیادہ موثر سیاسی حکمتِ عملی سمجھتے ہیں۔ ان کے سیاسی حریف ان کی اس عادت سے اتنے تنگ ہیں کہ انہوں نے اب ان سے مذاکرات کی کوشش ہی چھوڑ دی ہے۔ اپوزیشن کے ایک رہنما نے نام نہ بتانے کی شرط پر بتایا: "ہم ان سے صوبے کے پانی کے مسئلے پر بات کرنے گئے تھے، انہوں نے آدھا گھنٹہ ہمیں یہ سمجھایا کہ کس طرح اپوزیشن کی باتیں ان کے انقلابی جذبے کو مزید تیز کر رہی ہیں، اور آخر میں ہمیں چائے پلائے بغیر یہ کہہ کر رخصت کر دیا کہ اگلے ہفتے دھرنے میں ملاقات ہوگی!"

قصہ مختصر، سہیل آفریدی صاحب کی طرزِ سیاست اس وقت خیبر پختونخوا کے لیے ایک ایسی 'ایڈونچر فلم' بن چکی ہے جس کا ہر سیکنڈ سسپنس سے بھرا ہوا ہے۔ عوام کو یہ تو معلوم نہیں کہ کل ان کے علاقے میں سڑک بنے گی یا نہیں، لیکن یہ سو فیصد یقینی ہے کہ کل صبح وزیر اعلیٰ صاحب کا ایک نیا جذباتی بیان ضرور آئے گا جس میں وہ کسی نہ کسی کو آر یا پار کی دھمکی دے رہے ہوں گے۔

ترقی کے جھوٹے خواب!

اس وقت وطن عزیز میں دو قسم کے طبقے ہیں۔ ایک بڑا طبقہ وہ ہے جو سارا دن یہ سوچتا ہے، پیسہ کہاں سے آئے کہ گذارا ہو اور دوسرا طبقہ وہ ہے جسے یہ فکر کھائے جاتی ہے پیسہ کہاں رکھے۔ ملتان کے ایک بینک کی خبر سامنے آئی جس کے لاکر میں رکھے اسی تولے سونے کے زیورات غائب ہو گئے، اُدھر لاہور کے ایک تاجر کی خبر سننے کو ملی کہ موصوف گھر گئے تو دکان میں رکھے ایک کروڑ بیس لاکھ چوری ہو گئے۔ اب یہ وہ طبقہ ہے جسے سمجھ نہیں آ رہی پیسہ کہاں رکھے۔ آپ کہیں گے کیش گھر یا دکان پر رکھنے کی کیا ضرورت ہے، بنک میں جمع کرائیں۔ دوسری طرف اتنا زیادہ سونا لاکر میں رکھنے کی کیا ضرورت ہے، گھر میں انہیں کوئی سیف خرید دیں۔ لیکن جناب یہ ایف بی آر والے تو بینک اکاؤنٹ سونگھتے پھرتے ہیں، بالکل اسی طرح جیسے ڈاکو گھروں میں رکھے سونے کی خوشبو سونگھ لیتے ہیں ایسے میں یہ پیسے والا طبقہ خاصا پریشان نظر آتا ہے۔ تاجروں کا مسئلہ یہ ہے انہوں نے سب کچھ کرنا ہے مگر ٹیکس نہیں دینا۔ تاجروں پر ہی کیا منحصر یہاں ہر طبقہ یہی چاہتا ہے ٹیکسوں سے بچا رہے، سوائے تنخواہ دار طبقے کے اور کسی کا ٹیکس نہیں کٹتا۔ ابھی چند روز پہلے نجی ہسپتالوں اور کلینکوں نے بھی ہڑتال کی۔ نجی پریکٹس کرنے والے ڈاکٹر بھی ہڑتال میں شامل ہوئے، کیونکہ ایف بی آر نے ان ہسپتالوں، کلینکوں میں اپنے بندے بٹھانے کا فیصلہ کیا ہے، جو دیکھیں گے مریض کتنے آئے اور فیسیں کتنی لی گئیں۔ اب ظاہر ہے وہ ڈاکٹر جو صرف اپنی سرکاری ملازمت کی تنخواہ پر ٹیکس دیتے ہیں اور لاکھوں روپے کی اس آمدنی پر نہیں جو نجی پریکٹس سے حاصل ہوتی ہے، وہ پریشان ہیں۔ دنیا میں یہ دستور ہے کہ جو جتنا کماتا ہے وہ اتنا ہی زیادہ ٹیکس دیتا ہے۔ ہمارے ہاں نظام اُلٹ ہے۔ غریبوں پر سیلز ٹیکس کی تلوار لٹکا کر ان کی محدود آمدنی میں سے بھی ٹیکس حاصل کر لیا جاتا ہے اور امیر کو اپنی آمدنی پر ایک طرح سے ٹیکس چھوٹ دے دی جاتی ہے۔ ایک باخبر معیشت دان اپنا تجزیہ بتا رہے تھے کہ ہماری ظاہری معیشت سے کالے دھن کی معیشت تقریباً دوگنا زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا گھروں میں رکھا ہوا سونا ہی باہر آ جائے تو ہمارے سارے قرضے ختم ہو جائیں۔ اس سے پہلے ایک بینکر یہ کہہ چکے تھے کہ حکومت اگر پانچ ہزار روپے کے نوٹ پر پابندی لگا کے اسے بینکوں میں جمع کرانے کا حکم جاری کرے تو کھربوں روپے باہر آ جائیں۔ خیر ایسی باتوں پر اظہارِ حیرت ہی کیا جا سکتا ہے لیکن یہ بات تو کسی شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ ہمارے ہاں خوشحال طبقہ ٹیکس نہیں دیتا۔ اس میں سہولت کاری خود ایف بی آر والے کرتے ہیں اگر ٹیکس پورا جمع ہونا شروع ہو جائے تو ہمارا بجٹ خسارہ نہ رہے اور ہمیں قرضے لینے کی حاجت بھی نہ رہے۔ یہ جو پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کا ظالمانہ رواج آیا ہے، اس کی بڑی وجہ بھی یہی ہے کہ ایف بی آر ٹیکس اکٹھا کرنے میں ناکام ہو گیا ہے اور حکومت نے آسان راستہ یہ نکالا ہے کہ پٹرول پر لیوی لگا کر روزانہ کی بنیاد پر اربوں روپے عوام کی جیبوں سے نکالے جائیں۔

وزیر داخلہ محسن نقوی کا ایک بیان نظر سے گزرا کہ جلد اسلام اباد کو کیش فری کر دیں گے۔ مطلب یہ کہ وہاں سارا لین دین ڈیجیٹل کرنسی کے ذریعے ہوگا۔ بہت اچھی بات ہے، اس سے کسی بھی ادارے، دکان، پٹرول پمپ یا فیکٹری کی آمدنی کا اندازہ لگانے میں آسانی رہے گی اور اس کے ٹیکس گوشواروں کی اس کے مطابق جانچ پرکھ کی جا سکے گی لیکن یہ کام تو جلد از جلد پورے ملک میں کرنے کی ضرورت ہے۔ پنجاب میں تو یہ حال ہے کہ اچھے بھلے شاپنگ مالز یا بڑی دکانیں کارڈ سے ادائیگی قبول نہیں کرتے۔ کیش مانگتے ہیں اسے اگرچہ غیر قانونی قرار دیا گیا ہے مگر یہ کام دھڑلے سے جاری ہے اس طرف مکمل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ معیشت جب ڈیجیٹلائز ہوگی تو یہ ٹیکس چوری کا رجحان بھی کم ہوگا۔ پھر ایف بی آر میں بیٹھے ٹیکس چوروں کے سہولت کاروں کو بھی پکڑنے میں آسانی رہے گی۔ یہ وہ معاشرہ ہے جہاں موٹر سائیکل یا رکشہ والے کو کیا گیا دو ہزار روپیہ جرمانہ بھی کسی صورت معاف نہیں ہوتا۔ چاہے وہ خود کشی کرے یا رکشے کو آگ لگائے، تاہم اس معاشرے میں بڑے بڑے مگرمچھ موجود ہیں جو کروڑوں روپے کا ٹیکس بغیر ڈکار لئے بچا جاتے ہیں۔ ایک طبقے کے پاس گھروں میں پیسے رکھنے کیلئے جگہ نہیں رہی اور دوسری طرف وہ لوگ ہیں جن کے گھر میں دو وقت کی روٹی نہیں پکتی۔ یہ تو سراسر نظام قدرت، نظام معیشت اور نظام انصاف کے خلاف ہے۔ معیشت میں کی بنیاد اس نکتے پر رکھی جاتی ہے کہ معاشرے میں متمول طبقوں سے لے کر غریب طبقوں پر وسائل خرچ کئے جائیں۔ یہاں معاملہ الٹ ہے، جو خوشحال ہے وہ ہر ٹیکس سے مستثنٰی ہے اور اس کے لئے ساری سہولتیں بھی موجود ہیں، جو غربت زدہ ہیں انہیں آٹے، روٹی، گھی، چینی اور پٹرول پر بھی ٹیکس دینا پڑتا ہے۔

دنیا ہم پر ہنستی ہوگی کہ اس جدید ترقی یافتہ اور ٹیکنالوجی کے دور میں بھی پاکستان میں ٹیکس چوری عروج پر ہے۔ سامنے کی حقیقتیں بھی ہمیں نظر نہیں آتیں۔ ریسٹورنٹ، شاپنگ مال، بازار اور شاہ عالم مارکیٹ جیسی تھوک کے بیوپار کی آماجگاہیں گاہکوں سے بھری پڑی ہیں، یا تو یہ کہا جائے کساد بازاری بہت ہے۔ گاہک ہی نہیں ہیں تو ٹیکس کہاں سے اکٹھا ہو؟ مگر یہاں تو معاملہ الٹا ہے۔ سب کچھ ہونے کے باوجود ٹیکس نیٹ بڑھ رہا ہے اور نہ ٹیکسوں سے حاصل ہونے والی آمدنی، آخر کہیں تو گڑبڑ ہے، وہ ختم کیوں نہیں ہو رہی۔ یہ بیان سنتے سنتے تو عوام کے کان پک گئے ہیں کہ معیشت کو دیوالیہ ہونے سے بچا لیا ہے، اب ترقی کی طرف گامزن ہیں، کون سی ترقی کی طرف یہ بھی تو بتایا جائے۔ یہاں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، لوڈ شیڈنگ کئی گھنٹوں پر محیط ہو چکی ہے، مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ حکومتی شخصیات کے پروٹوکول میں کوئی فرق نہیں آیا بلکہ بڑھ گیا ہے۔ کیا اسے ترقی کہیں گے جو عوام کے سینوں پر مونگ دل رہی ہے۔

رینجر اور ڈینجر!

اس عہد میں عزت سے بڑا کوئی سرمایہ نہیں لہٰذا کوئی عزت دار انسان دوسروں کو عزت دیتے ہوئے بخیل نہیں ہو سکتا۔ جو اپنے دونوں ہاتھوں سے عزت بانٹتا ہے دنیا کی کوئی طاقت اسے تعظیم و تکریم اور تقدیس سے محروم نہیں کر سکتی۔ انسان کے افکار و کردار سے اس کی شخصیت، تربیت اور تاثیر کا اظہار ہوتا رہتا ہے۔ پچھلے دنوں قصور کے گنڈا سنگھ بارڈر پر پنجاب رینجرز کے دیوقامت آفیسر عاصم نے جس آبرومندانہ انداز سے بھارت کے باوردی فوجی آفیسر کو سلیوٹ کیا تو وہ ہم وطنوں اور اوورسیز پاکستانیوں سمیت دنیا بھر کے عزت داروں کی نگاہوں کا مرکز و محور بن گیا۔ الحمدللہ پاک فوج کا ضابطہ اخلاق اس کے جانبازوں کو سراپا اخلاق بنا دیتا ہے۔ آئی ایس پی آر، اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب اور رینجرز پنجاب سمیت پاک فوج سے وابستہ متعدد شعبہ جات کے شیریں ثمرات سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ پاک فوج کے زیر اہتمام پیشہ ورانہ تربیت کا کام اپنے آفیسرز اور جوانوں کو نایاب "ہیروں" اور "ہیروز" کی طرح تراشنا ہوتا ہے، ہمارے دفاعی اداروں کا کوئی بھی تربیت یافتہ جوان زندگی کے کسی بھی میدان اور امتحان میں ناکام و نامراد نہیں ہوتا۔ افواج پاکستان کیلئے ایک خاندان کی مانند مادر وطن کے ساتھ "وفا" اور اس کا "دفاع" کرنا ایک بیش قیمت اعزاز ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی قیادت میں افواج پاکستان کا منظم اور موثر شعبہ اطلاعات ونشریات انتہائی پیشہ ورانہ اور آبرومندانہ انداز سے دشمن ریاست کے زہریلے پروپیگنڈے کو کامیابی سے کاؤنٹر کرتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری اپنے زبردست استدلال اور استقلال کے ساتھ پاکستان اور افواج پاکستان کی بھرپور وکالت کرتے ہیں۔ آئی ایس پی آر پنجاب کے زیرک اور پروفیشنل سیکٹر کمانڈر بریگیڈیئر محمد آصف بھی اپنے اہم ترین محاذ پر سربلند اور سربکف ہیں، ان کا کام بھی بولتا ہے۔ پنجاب کے پروفیشنل ڈی جی رینجرز میجر جنرل محمد عاطف بن اکرم کی پرجوش اور انتھک قیادت میں ہماری سرحدوں کے مستعد محافظ جبکہ ہماری بیش قیمت نسلیں منشیات کے زہر اور قہر سے بچانیوالے اینٹی نارکوٹکس فورس پنجاب کے ریجنل کمانڈر بریگیڈیئر سکندر حیات چوہدری ہمارا سرمایہ افتخار ہیں۔ دفاعی اداروں کی پاکستانیت، پیشہ ورانہ مہارت اور فطری دشمن کیخلاف استقامت سے بھرپور مزاحمت اپنی مثال آپ ہے۔

راقم کے باپ دادا نے قیام پاکستان کے وقت اُس پنجاب سے اِس پنجاب کی طرف انتہائی دشوار ترین ہجرت کی تھی جبکہ دادا نے دوران ہجرت جام شہادت نوش کیا تھا، ہمارے ماں باپ کے پاکستان آنے کا راستہ آج بھی قیمتی یادوں سے آراستہ ہے۔ مجھے تین چار بار پاکستان اور بھارت کے بارڈر ایریا میں جانے کا اتفاق ہوا ہے، راقم نے قصور کے گنڈا سنگھ اور لاہور کے واہگہ جے سی پی پر اپنے دراز قد رینجرز کی شاندار پریڈز دیکھی ہیں اور انہیں اپنی متعدد منفرد تحریروں کا نذرانہ بھی پیش کیا ہے۔ وہاں مجموعی طور پر ماحول سنجیدہ بلکہ کشیدہ ہوتا ہے۔ اس مسلسل تناؤ کی فضا میں اپنا فرض منصبی ادا کرنا آسان نہیں بلکہ انتہائی دشوار ہے، رینجرز کو اپنے اعصاب پر شدید دباؤ سہنا پڑتا ہے۔ ایل او سی پر دوران ڈیوٹی ہمارے سرفروش "رینجر" کئی طرح کے "ڈینجر" کا مقابلہ کرتے ہیں۔ راقم نے 2010ء میں "جہاں ڈینجر وہاں رینجر" کے عنوان سے اپنے ایک کالم میں گنڈا سنگھ جوائنٹ چیک پوسٹ پر بجلی کی بندش سمیت چند مسائل کا ذکر بھی کیا تھا، اس وقت کے انتہائی فرض شناس ڈی جی رینجرز میجر جنرل محمد یعقوب خان نے فوری نوٹس لیا اور اپنی سنجیدہ اصلاحات سے اُن دشواریوں کا سدباب کیا تھا۔ اُن دنوں پنجاب رینجرز کے انتہائی پروفیشنل آفیسر ندیم رضا اپنے محکمے کے ترجمان تھے، راقم نے آج تک کسی محکمہ میں ایسا مستعد اور متحرک ترجمان نہیں دیکھا جو انتہائی پیشہ ورانہ اور دوستانہ انداز کے ساتھ اپنے محکمے کی کامیابی و کامرانی اور نیک نامی یقینی بنانے کیلئے میڈیا کو صحتمند اور سودمند معلومات فراہم کرتا ہو۔ ڈی ایس آر ندیم رضا کے بعد میجر محمد فاروق فیاض نے بھی پنجاب رینجرز کے ترجمان کی حیثیت سے انمٹ نقش چھوڑے تھے۔ آج بھی پنجاب رینجرز کو ندیم رضا سے پروفیشنل، پرجوش اور فعال ترجمان کی اشد ضرورت ہے۔

پاکستان اور افواج پاکستان کا پرامن "چہرہ" عالمی سطح پر مزید روشن کرنے کا "سہرا" رینجر آفیسر عاصم کے سر پر بندھ گیا ہے، امید واثق ہے ہماری محبوب ریاست ہمارے اس ہردلعزیز قومی ہیرو کو اس کے شایان شان اعزازات اور انعامات سے نوازے گی۔ بھارتی فوج کے کرنل اور ان کی اہلیہ گنڈا سنگھ بارڈر پر شاندار پریڈ کے اختتام اور آنکھوں آنکھوں میں مثبت اشاروں کے نتیجہ میں انتہائی اپنائیت اور ذوق و شوق سے پاک سرزمین پر پورے قد سے کھڑے پنجاب رینجرز کے سمارٹ آفیسر کے ساتھ تصویر بنوا رہے تھے، اس پر ہمارے آفیسر نے انتہائی حسن ظن اور بڑے پن کے ساتھ بھارتی فوجی آفیسر کو سلیوٹ کیا جس پر دوسری طرف سے بھی سلیوٹ کا جواب سلیوٹ سے دیا گیا جو یقینا خوش آئند ہے، یوں یہ یادگار "پل" دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان پائیدار "پُل" بن گیا۔ یہ خوبصورت منظر ویڈیو کی صورت میں ایک بھارتی شہری کے سمارٹ فون میں محفوظ اور بعد ازاں دنیا بھر میں وائرل ہوا۔ راقم نے بھی سلیوٹ والی وائرل ویڈیو بار بار بغور دیکھی اور بے اختیار اپنے وردی پوش اور سرفروش رینجر آفیسر کو سلیوٹ کر دیا۔ اس فرزند پاکستان کے انداز میں ایک طرف اعتماد اور دوسری طرف بے پایاں وقار تھا۔ مجھے اس آفیسر کی قسمت اور پنجاب رینجرز کے ساتھ نسبت پر بڑا رشک آیا۔ پریڈ کے اختتام پر چہل پہل کے دوران بھارتی فوجی آفیسر کو اس کے منصب کی بنیاد پر سلیوٹ میں پہل کرنیوالے رینجر آفیسر عاصم کو دونوں ہمسایہ ملکوں سمیت دنیا جہاں سے سراہا جا رہا ہے، یقیناً اعلیٰ ظرف اور وضع دار کردار اس کیفیت کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ رینجر آفیسر نے پاک فوج کے ڈسپلن کا مظاہرہ اور اپنے ادارہ پنجاب رینجرز کا نام مزید روشن کیا۔ پاکستان کے باوردی جوان کی اس گرمجوشی سے یقیناً ہمسایہ ملک میں برف پگھلے گی اور وہ کشمیر سمیت دوسرے تنازعات کے پرامن حل کیلئے مکالمے کی میز پر آئے گا۔ پنجاب رینجرز کے دراز قد جوان نے بتا دیا ہم بحیثیت قوم مفاہمت پسند ہیں لیکن اس مثبت "سوچ" اور "اپروچ" کو ہماری کمزوری سمجھنا ہمسایہ ملک کی نادانی ہوگی کیونکہ افواج پاکستان اور بالخصوص ہماری پاک فضائیہ کے شیر دل شاہینوں نے 10 مئی 2025ء کو وقتِ "سحر" دشمن پر اپنی ہیبت کا "سحر" طاری کر دیا تھا۔ بھارت کی نابوی کیلئے متحرک مودی سرکار کیلئے بہتر ہے وہ آئندہ کسی صورت افواج پاکستان کو للکارنے کی حماقت یا جسارت نہ کرے ورنہ ہمارے شیر دل شاہینوں کی شدید مزاحمت کے نتیجہ میں دشمن کو ماضی کے مقابلے میں اس بار زیادہ شدت سے ہزیمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ الحمدللہ ہمارے رینجرز کا اپنے قد، کردار اور مخصوص پریڈ کی مہارت کے معاملے میں بھارت کی بارڈر سکیورٹی فورس (بی ایس ایف) کے جوانوں سے کوئی موازنہ نہیں بنتا۔ پنجاب رینجرز کی پیشہ ورانہ مہارت، وجاہت اور ہیبت کا طوطی بولتا ہے۔ پاکستان کے باوردی محافظ مجھ سمیت پاکستانیوں کے محبوب ہیں۔ ان کے احسانات کا جواب محض انعامات نہیں بلکہ پرخلوص احساسات اور صادق جذبات سے دیا جا سکتا ہے۔

جو مٹھی بھر گمراہ لوگ کسی روگ کی طرح اس زندہ ضمیر رینجر آفیسر کے سلیوٹ پر اپنے زہریلے اور بدبودار خبثِ باطن کو باہر اُگل رہے ہیں، انہیں جھنجوڑنا راقم کا فرض اور مجھ پر مادر وطن کا قرض ہے۔ کون نہیں جانتا دونوں ملکوں کے حکمران اور سیاستدان بھی "گلے" دور کرنے کیلئے ایک دوسرے کو "گلے" لگاتے اور آپس میں ہاتھ ملاتے ہیں

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت

انوشکا شرما نے 3 لگژری اپارٹمنٹس خرید لیے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ انوشکا شرما نے اپنے والدین کے ہمراہ ممبئی میں ایک ہی منزل پر 44 کروڑ بھارتی روپے مالیت کے 3 لگژری اپارٹمنٹس خرید لیے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق انوشکا شرما اور ان کے والدین نے ممبئی کے علاقے ورسووا میں زیرِ تعمیر رہائشی منصوبے گودریج اسکائی شور میں یہ جائیدادیں خریدی ہیں۔ اداکارہ نے ایک اپارٹمنٹ تقریباً 14 کروڑ 89 لاکھ روپے میں خریدا، جبکہ ان کے والدین نے اس سے متصل فلیٹ تقریباً 10 کروڑ 91 لاکھ روپے میں حاصل کیا۔ دونوں جائیدادوں کی خریداری 8 جولائی 2026 کو رجسٹرڈ ہوئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق انوشکا شرما اور ان کے شوہر ویرات کوہلی نے اسی منصوبے میں تقریباً 18 کروڑ 29 لاکھ روپے کا ایک اور اپارٹمنٹ بھی مشترکہ طور پر خریدا۔ تینوں اپارٹمنٹس ایک ہی منزل پر واقع ہیں، جبکہ ان کی حوالگی جون 2031 تک متوقع ہے۔

نانا پاٹیکر کے انتقال پر تنوشری دتہ کا حیران کن ردعمل، 'ایول ڈیڈ' کہہ دیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ تنوشری دتہ کا سینئر اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال پر دیا گیا ردعمل سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ تنوشری دتہ نے انسٹاگرام اسٹوری میں کہا کہ انہیں نانا پاٹیکر کے انتقال کی خبر ملی ہے، تاہم وہ ابھی سمجھ نہیں پا رہیں کہ اس پر کیا ردعمل دیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ وہ لکھنؤ میں ایک اہم تقریب کیلئے جا رہی ہیں اور فی الحال اپنی توجہ کام پر رکھنا چاہتی ہیں۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ میڈیا ایک بار پھر ان سے ماضی کے تنازع پر سوالات کرے گا، جبکہ انہوں نے اپنی گفتگو میں 'ایول ڈیڈ' کے الفاظ بھی استعمال کیے۔ تاہم تنوشری نے نانا پاٹیکر کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کہ تنوشری دتہ نے 2018 میں نانا پاٹیکر پر جنسی ہراسانی کے الزامات عائد کیے تھے، جن کی اداکار نے تردید کی تھی۔

'یہ آنکھیں امیتابھ بچن کو ہی دکھایئے'، صحافی نے جیا بچن کو کھری کھری سنا دی

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ جیا بچن ایک صحافی کے ساتھ مبینہ تلخ کلامی کے باعث سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ جیا بچن اور ایک صحافی کے درمیان گھورنے کے معاملے پر سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ صحافی نے مبینہ طور پر اداکارہ سے کہا، "میڈم، ایسے گھور کیوں رہی ہیں؟ ہم نے آپ کی تصویر صرف اس لیے بنائی کیونکہ آپ امیتابھ بچن کی بیوی ہیں"۔ انہوں نے جیا بچن کی بیٹی کو مخاطب کرتے ہوئے مزید کہا کہ "انہیں یہاں سے لے جایئے، اور جیا جی یہ آنکھیں امیتابھ بچن کو ہی دکھایئے، ہمیں نہیں۔" صحافی نے یہ مؤقف بھی اختیار کیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داری انجام دے رہا تھا اور جیا بچن کا رویہ غیر ضروری تھا۔ اس واقعے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آ رہا ہے، کئی صارفین تو اس صحافی کی ہمت کو داد دے رہے ہیں کیونکہ جیا بچن اپنے اس تلخ رویے کے باعث انٹرنیٹ پر ٹرول ہوتی رہتی ہیں۔

شوبز شخصیات کا اردن میں 5 روزہ فلاحی مشن، زخمی فلسطینی بچوں سے ملاقات

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے معروف اداکاروں نے فلسطینی خاندانوں کی مدد کیلئے اردن میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ اس پانچ روزہ مشن میں جاوید شیخ، صبا حمید، شگفتہ اعجاز، خالد انعم، کبریٰ خان، گوہر رشید، احمد علی اکبر، علی خان اور نبیل ظفر سمیت متعدد فنکار شریک ہوئے۔ برطانیہ میں رجسٹرڈ فلاحی تنظیم ایس کے ٹی ویلفیئر کے تعاون سے 29 ستمبر سے 3 اکتوبر تک جاری رہنے والے مشن کے دوران فنکاروں نے غزہ سے بے گھر ہونے والے 500 سے زائد خاندانوں میں راشن تقسیم کیا۔ فنکاروں نے اردن میں زیرِ علاج فلسطینی بچوں اور ان کے اہلِ خانہ سے ملاقاتیں بھی کیں۔ اداکار خالد انعم کے مطابق ان خاندانوں میں جنگ کے دوران زخمی ہونے والے بچوں کے علاوہ کینسر اور دل کی بیماریوں میں مبتلا بچے بھی شامل تھے۔ فلاحی تنظیم نے زیرِ علاج بچوں کیلئے کھیلوں، تفریحی سرگرمیوں اور کھانے کا خصوصی اہتمام بھی کیا۔ فنکاروں نے امدادی سرگرمیوں کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔

نیلم منیر کے ہاں ننھے مہمان کی آمد متوقع

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی شوبز کی معروف اداکارہ نیلم منیر کے مداحوں کے لیے ایک خوش آئند خبر سامنے آئی ہے، قریبی خاندانی ذرائع کے مطابق اداکارہ اور ان کے شوہر محمد راشد کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ نیلم منیر کا شمار پاکستان کی مقبول ٹیلی ویژن اور فلم اداکاراؤں میں ہوتا ہے اور انسٹاگرام پر انہیں 77 لاکھ افراد فالو کرتے ہیں۔ نیلم منیر نے نومبر 2024 میں دبئی میں محمد راشد سے شادی کی تھی۔ شادی کے بعد انہوں نے ٹیلی ویژن ڈراموں سے فاصلہ اختیار کیا اور دبئی منتقل ہو گئیں۔ حالیہ عرصے میں دبئی میں ان کی بعض عوامی مصروفیات کے دوران ان کا بے بی بمپ بھی نظر آیا تھا، تاہم اداکارہ نے اپنی جانب سے حمل کی باضابطہ تصدیق نہیں کی تھی۔ اب نیلم منیر کے شوہر کے ایک قریبی رشتہ دار کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ جوڑے کے ہاں ایک بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ دوسری جانب اداکارہ نے تاحال اپنے مداحوں کے ساتھ اس خبر کو باضابطہ طور پر شیئر نہیں کیا۔ محمد راشد کے ایک قریبی دوست نے ٹک ٹاک پر مبارکباد دیتے ہوئے بچے کی پیدائش پر خوشی کا اظہار کیا۔ پوسٹ میں محمد راشد کو "پیارے بھائی" کہہ کر مبارکباد دی گئی اور نومولود کے لیے صحت، خوشی اور لمبی عمر کی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 1

کہ پاکستان کی ترقی کا انحصار ہمارے اپنے ہنر، اپنی مصنوعات اور اپنی سپورٹ پر ہے۔ پاکستان کی معروف "کچن کوئین" کب خواجہ تقریب کی مہمان خصوصی ہوں گی۔ ایونٹ میں ثقافتی میلے کی جھلک فوڈ اور نان فوڈ اسٹالز کے ذریعے پیش کی جائے گی، جہاں مختلف علاقوں کے روایتی کھانے، دستکاری اور مقامی مصنوعات شہریوں کی توجہ کا مرکز ہوں گی۔ شائقین کے لیے ماڈیفائیڈ کار شو بھی تقریب کا حصہ ہے۔ بچوں کی تفریح کے لیے خصوصی سرگرمیاں رکھی گئی ہیں، جبکہ فیملیز کے لیے بھی دلچسپی کا بھرپور سامان موجود ہوگا۔ منتظمین نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اہل خانہ اور دوستوں کے ہمراہ تقریب میں شرکت کر کے مقامی کاروبار اور پاکستانی مصنوعات کی حوصلہ افزائی کریں

بقیہ نمبر 2

کا جواز پیش کیا ہے، میں اس سے قبل عراق اور افغانستان میں جاری لڑائی کے دوران بھی امریکی فوجی ٹھکانوں کا دورہ کر چکا ہوں۔ سینیٹر کے مطابق یہ معاملہ سیکیورٹی کا نہیں بلکہ حقائق چھپانے کی کوشش کا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا ہے کہ خطے میں محکمہ دفاع کے حکام نے امریکی سفارت خانے میں مجھے بریفنگ دینے سے بھی انکار کر دیا ہے۔ کرس مرفی نے بتایا کہ محکمہ خارجہ نے مجھے سفارت خانے کو پہنچنے والے نقصان کا معائنہ کرنے کی اجازت دی، یہ نقصان بڑے پیمانے پر ہوا تھا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ اگر امریکی سفارت خانے پر حملہ رات کے بجائے دن کے وقت ہوتا تو بڑی تعداد میں امریکی شہری ہلاک ہو سکتے تھے۔

بقیہ نمبر 3

ایک نمائندہ وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ و طالبات کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیے ان وفود سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پارٹی خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ہر سطح پہ انسانی حقوق کے محافظ کہلائیں اور طلبہ و طالبات کے جو بنیادی مسائل ہیں ان کو حل کرنے کی بھی کوشش کریں۔ ہم اقتدار میں نہ ہوتے ہوئے بھی بہت سارے ایسے شعبوں میں کام کر رہے ہیں جو مفاد عامہ اور عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بہت جلد اور ایسی پالیسیاں بھی لائیں گے جس سے عام آدمی خوشحال ہوگا۔

بقیہ نمبر 4

"شارٹ ٹرم مارچ" دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی سینئر قیادت کو ایک "مسخرے" "کنٹینر باز" نے یرغمال بنایا ہوا ہے، ایک مسخرہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر انہی فورسز کا مذاق اڑا رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سیکورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ اس صوبے کی پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ہیں ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کئے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جا رہی ہیں

بقیہ نمبر 5

اٹارنی جنرل شائستہ تبسم کی جانب سے ایک ماہ کی مہلت دینے کی استدعا منظور کرلی گئی۔ درخواست گزار ریس منیر کی جانب سے وکیل وقار رانا عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت وزارت منصوبہ بندی کے افسر نے بتایا کہ عدالتی حکم کے بعد 10 کروڑ روپے جاری کردیے ہیں، باقی فنڈز کے لئے دوسرے کوارٹر تک وقت دیا جائے۔ اس پر درخواست گزار کے وکیل وقار رانا نے کہا کہ منصوبے کے لیے ابھی ایک ارب 70 کروڑ روپے درکار ہیں، کم از کم ٹھیکیدار کی ادائیگی تو جاری کردیں۔ ٹھیکیدار اپنی جیب سے 35 کروڑ روپے کا کام کرچکا ہے۔ یہ رقم این ایچ اے کو جمع کروادیں تاکہ وہ عدالت کو آگاہ کرسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ متعلقہ حکام کی ذمہ داری ٹھیکیداروں کو ادائیگیاں کرنا ہے۔ جسٹس محمد آصف نے منصوبے کے لیے فنڈز جاری نہ کرنے پر ایک بار پھر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ہم یہاں سیاسی باتیں نہیں کررہے بلکہ قانون کی بات کررہے ہیں۔ آپ بتائیں کتنا وقت لگے گا، ہم وقت دے دیں گے۔ ٹھیکیدار کو پیسے نہیں دیں گے تو منصوبے پر کام کیسے ہوگا؟ وزارت منصوبہ بندی کے حکام نے بتایا کہ دوسرے کوارٹر تک فنڈز جاری کردیئے جائیں گے۔ اس پر وکیل وقار رانا نے کہا کہ دوسرے کوارٹر کا مطلب ہے کہ مزید تین ماہ لگ جائیں گے، جبکہ پہلے ہی ایک سال گزر چکا ہے۔ سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق یہ منصوبہ اب تک مکمل ہوجانا چاہیے تھا۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ عدالت کو بار بار زحمت دی جارہی ہے، یہ آرٹیکل 187 کے تحت عملدرآمد کا کیس ہے۔ این ایچ اے، وزارت منصوبہ بندی اور وزارت خزانہ سمیت تمام متعلقہ حکام نے ایک سال میں منصوبہ مکمل کرنے کا کہا تھا، حالانکہ یہ منصوبہ اڑھائی سال پہلے مکمل ہوجانا چاہیے تھا۔ عدالت نے متعلقہ حکام کو فنڈز کی فراہمی کے لئے ایک ماہ کی مہلت دیتے ہوئے سماعت اگلے ماہ تک ملتوی کردی۔

بقیہ نمبر 6

کے جوابات معروف عالم دین ڈاکٹر قاری خلیل الرحمن جاوید آف کراچی دیں گے۔ بعد از نماز عشاء سالانہ جلسہ تقسیم اسناد سے شیخ الحدیث علامہ عبداللہ ناصر رحمانی آف کراچی، ڈاکٹر قاری خلیل الرحمن جاوید آف کراچی، مولانا سید سبطین شاہ نقوی آف سرگودھا، مولانا حافظ یوسف پسروری آف لاہور، علامہ معتصم الٰہی ظہیر آف لاہور اور مولانا سیف اللہ خالد ملتانی آف ملتان خطاب کریں گے۔ اس موقع پر جامعہ کے فارغ التحصیل طلباء کو اسناد بھی دی جائیں گی اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ سالانہ جلسہ کے انتظامات کے سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کہا کہ مثبت اور خیر خواہانہ جذبے سے معاشرے کی تربیت و اصلاح سالانہ جلسے کا بنیادی مقصد ہے۔ لوگوں کے سامنے عقائد اسلام اور مسائل دین کو صحیح شکل میں پیش کرنا ہماری سالانہ تقریب کے اہداف میں شامل ہے۔ سالہا سال سے بفضل باری تعالیٰ ہم اپنے اسی اسلوب و منہج کو لے کر چل رہے ہیں

بقیہ نمبر 7

حوالے سے اپنے شہریوں کو احتیاطی ہدایات جاری کرتے ہوئے خمیس، نجران، جیزان اور طائف شہر سمیت طائف ایئرپورٹ کی جانب سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ برطانوی دفتر خارجہ نے اپنے شہریوں کو یمن کی سرحد سے 10 کلومیٹر کے اندر واقع علاقوں میں ہر قسم کے سفر سے اجتناب کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ دوسری جانب امریکی سفارت خانے نے بھی سعودی عرب میں موجود امریکی شہریوں کو غیر معمولی احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے، امریکی حکام کے مطابق حوثی سعودی عرب کے ہوائی اڈوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں، جبکہ امریکا ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والے حملوں سے آگاہ ہے۔ امریکی حکام نے خبردار کیا ہے کہ موجودہ فوجی تنازع مزید شدت اختیار کرسکتا ہے۔ اس تناظر میں امریکی شہریوں کو یمن کی سرحد کے قریب سفر نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ امریکی شہریوں کو ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ استعمال کرنے سے قبل خصوصی اجازت حاصل کرنے کا مشورہ بھی دیا گیا ہے۔ سفری انتباہات کے ذریعے دونوں ممالک نے اپنے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ سیکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور متعلقہ حکام کی جاری کردہ ہدایات پر عمل کریں

بقیہ نمبر 8

پاکستان میں جاری سرحد پار دہشتگردی کا ایک اور واضح ثبوت سامنے آگیا۔ افغان طالبان رجیم پاکستان سمیت ہمسایہ ممالک میں دہشتگردوں کی کھلی سرپرستی اور پشت پناہی کر رہی ہے۔ افغان میڈیا رپورٹس کے مطابق پاک فوج کے ہاتھوں ہلاک خارجی افغان دہشت گرد صفت اللہ کی افغانستان میں تعزیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیوں میں ملوث خارجی دہشتگرد کو افغانستان میں ہیرو کمانڈر کا لقب بھی دیا گیا۔ افغان میڈیا کے مطابق ہلاک خارجی افغان دہشتگرد کی تعزیتی تقریب میں فتنہ الخوارج کے جھنڈے والے پوسٹرز آویزاں کئے گئے ہیں۔ افغانستان میں ان دہشتگردوں کی تعزیتی تقریبات اور فتنہ الخوارج کے جھنڈوں کی نمائش افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے

بقیہ نمبر 9

آف پولیس اسلام آباد محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کیلئے ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں فلیگ مارچ کا انعقاد کیا، فلیگ مارچ میں زونل ایس پیز اور اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں نے حصہ لیا، ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ فلیگ مارچ کا بنیادی مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سیکورٹی کو مزید موثر بنانا، امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا ہے تاکہ کوئی شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے، انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر میں سیکورٹی اقدامات کو مزید موثر اور داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ کو بڑھا دیا گیا ہے، شہر میں پیٹرولنگ پٹرول کے دستے گشت پر مامور ہیں، کالے شیشے، غیر نمونہ و بغیر نمبر پلیٹ والی گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن جاری ہے، انہوں نے تمام افسران کو ہدایات جاری کی کہ وہ اپنے علاقوں میں رہیں اور سیکورٹی ڈیوٹیز پر تعینات پولیس افسران کو بریف کرتے رہیں، انہوں نے شہریوں سے گزارش کی کہ وہ چیکنگ کے دوران پولیس افسران کے ساتھ تعاون کریں، اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر ضروری اقدامات بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق ریکار-15 پر اطلاع دے کر اپنا قومی فریضہ نبھائیں، اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی

بقیہ نمبر 10

35 اے ایس آئیز کو سب انسپکٹر کے عہدوں پر ترقی پانے پر مبارکباد دی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں مزید محنت، دیانتداری اور فرض شناسی سے ادا کرنے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کے 40 افسران کو اگلے عہدوں پر ترقی دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں سینٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں آئی جی اسلام آباد، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق، ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور دیگر سینئر افسران نے ترقی پانے والے افسران کو انسپکٹر اور سب انسپکٹر کے رینک لگائے۔ اس موقع پر انہیں مبارکباد دی گئی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ترقیاں افسران کی محنت، قابلیت اور مخلصانہ خدمات کا اعتراف ہیں، تاہم نئے عہدوں کے ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ افسران اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں محنت، دیانتداری، فرض شناسی اور لگن کے ساتھ ادا کریں، قانون کی بالادستی اور میرٹ کو ہمیشہ مقدم رکھیں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور شائستگی سے پیش آتے ہوئے انہیں بہترین پولیس سروسز فراہم کریں۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کے مسائل کا بروقت حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ مزید برآں، آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور فرائض کی بہترین انجام دہی میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے آپریشنز ڈویژن صدر زون کے افسران و جوانوں کو سینٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ فرض شناسی، محنت اور پیشہ ورانہ جذبے سے فرائض انجام دینے والے افسران و جوان اسلام آباد پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں، جبکہ ان کی کارکردگی کا اعتراف پوری فورس کے لیے مزید محنت اور ذمہ داری سے کام کرنے کی ترغیب بنتا ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے اس امید کا اظہار کیا کہ ترقی پانے والے افسران اور تعریفی اسناد حاصل کرنے والے افسران و جوان اپنی ذمہ داریاں مزید لگن، دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس کی کارکردگی، سروس ڈیلیوری اور نیک نامی میں مزید بہتری لانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 11

دوران مشتبہ لاوارث گاڑی ملی اور بیس کی حفاظتی باڑ میں معمولی شگاف کا بھی انکشاف ہوا۔ دونوں افراد پر برطانیہ کے لیے نقصان دہ مقصد کے تحت ممنوعہ مقام میں داخل ہونے کے قانون کے تحت کارروائی کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 12

، عبدالستار نیازی، مرزا رفعت محمود، عامر قریشی، کاشف نوشاہی، خواجہ ظہیر، مرزا ندیم، مرزا ظفر، ہارون جٹ اور شفقت کیانی نے ان کا استقبال کیا، ہار پہنائے اور مٹھائی تقسیم کی۔ تقریب کو جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال نے کنڈکٹ کیا۔ صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب اور پنجاب گروپ آف کالجز کے باہمی تعاون سے آنے والے وقت میں علم کے حصول کے لیے کوشاں نوجوان طلبہ و طالبات کے لیے مزید مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ تعلیم کے فروغ کے لیے صحافتی اور تعلیمی اداروں کا باہمی تعاون مثبت نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال نے کہا کہ پنجاب گروپ آف کالجز تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، جبکہ پوٹھوہار پریس کلب بھی نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ نمبر 13

مطابق ہلاک اہلکار کی شناخت 21 سالہ لیفٹیننٹ ایلیاو حائم کے نام سے ہوئی، جنگ بندی کے بعد جنوبی لبنان میں 17 فوجی ہلاک ہوچکے۔ اسرائیل اور لبنان کے درمیان مجوزہ فریم ورک معاہدے پر بات چیت جاری ہے، مجوزہ معاہدے میں حزب اللہ کو غیر مسلح کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اسرائیلی فوج کے مرحلہ وار انخلا کی تجویز کیا گیا ہے، جنوبی لبنان میں لبنانی فوج کی تعیناتی کی تجویز بھی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 14

ان اضلاع پر خرچ کیے جائیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ کرم، اورکزئی، مہمند اور باجوڑ سمیت قبائلی اضلاع میں پینے کے پانی، سڑکوں، تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ قبائلی اضلاع کے پرانے نظام کی بحالی سے مقامی مسائل کے فوری حل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے

بقیہ نمبر 15

29 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مسروقہ سامان برآمد کیا، اینٹی وہیکل لفٹنگ یونٹ پولیس ٹیموں نے آٹھ کروڑ 82 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 56 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد کر کے 56 مقدمات حل کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی انوسٹی گیشن سلمان ظفر نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں ڈی ایس پی سی آئی اے سلمان شاہ اور انچارج اے وی ایل یو انسپکٹر میاں نور اللہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ اسلام آباد پولیس کے روبری اینڈ ڈکیتی یونٹ (RDU) نے ڈکیتی، اغوا برائے تاوان، روبری، نقب زنی اور چوری میں ملوث آٹھ گینگز کے 30 ارکان سمیت 61 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضے سے 28 مقدمات میں سات کروڑ 29 لاکھ 15 ہزار روپے مالیت کے موبائل فونز، لیپ ٹاپس، گاڑیاں، موٹر سائیکلیں، سونا، نقدی اور دیگر مسروقہ سامان برآمد کیا گیا۔ اغوا برائے تاوان کے مقدمات میں دو گینگز کے نو ارکان کو گرفتار کر کے مغویان کو بازیاب کرایا گیا۔ ملزمان سے ہنڈا سوک گاڑی، 18 موبائل فونز، 7 لیپ ٹاپس، آئی پیڈز اور پاسپورٹس سمیت ایک کروڑ 5 لاکھ روپے مالیت کا سامان برآمد ہوا۔ ڈکیتی اور سرقہ بالجبر کے مقدمات میں چار گینگز کے 16 ارکان گرفتار کیے گئے، جن سے 23 موبائل فونز، پانچ موٹر سائیکلیں، 20 گاڑیاں، نقدی، گھڑیاں اور دیگر مال مسروقہ برآمد ہوا، جس کی مالیت ایک کروڑ 60 لاکھ 65 ہزار روپے بتائی گئی۔ سرقہ عام اور نقب زنی کے آٹھ مقدمات میں بھی 14 ملزمان گرفتار کیے گئے، جن سے 20 تولہ سونا، نقدی، گھڑیاں، لیپ ٹاپس اور دیگر سامان برآمد ہوا جس کی مالیت چار کروڑ 62 لاکھ 40 ہزار روپے بتائی گئی۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے بتایا کہ اینٹی وہیکل لفٹنگ یونٹ (AVLU) نے رواں سال گاڑی و موٹر سائیکل چوری میں ملوث 11 گینگز کے 27 ملزمان کو گرفتار کر کے 35 گاڑیاں اور 21 موٹر سائیکلیں برآمد کیں، جن کی مجموعی مالیت آٹھ کروڑ 82 لاکھ 45 ہزار روپے ہے۔ اس طرح گاڑی و موٹر سائیکل چوری کے 56 مقدمات حل کیے گئے۔ گرفتار گروہ ماسٹر چابیوں اور دیگر طریقوں سے گاڑیاں چوری کر کے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں منتقل کرتے تھے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے سیف سٹی کیمروں سمیت جدید سائنسی و تکنیکی وسائل استعمال کیے گئے اور مخبر بھی مقرر کیے گئے۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن سلمان ظفر نے ڈی ایس پی سی آئی اے اور انچارج اے وی ایل یو کے ہمراہ چوری شدہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی چابیاں اور مال مسروقہ شہریوں کے حوالے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیوں کے لیے پرعزم ہے۔ چوری شدہ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی برآمدگی اور انہیں اصل مالکان کے حوالے کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں

بقیہ نمبر 16

کراچی پی وی کی جانب سے کاشف علی نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ حارث رؤف نے چار وکٹیں حاصل کیں۔ غنی کی جانب سے حسین طلعت نے 108 محسن ریاض نے 76 اور حماد بٹ نے 63 رنز کی نمایاں اننگز کھیلیں پشاور میں کے آر ایل اور اسٹیٹ بینک کے درمیان مقابلہ ڈرا ہوگیا کے آر ایل کے محمد فائق نے 98 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ اسٹیٹ بینک کو کامیابی کے لیے 346 رنز کا ہدف ملا، تاہم میچ کا فیصلہ نہ ہوسکا اسلام آباد میں ایس این جی پی ایل اور کنگز مین اکیڈمی کے درمیان میچ بھی ڈرا ہوگیا۔ اس مقابلے میں محمد سلیمان نے 125 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کا چھٹا راؤنڈ 12 اکتوبر سے شروع ہوگا جس میں ٹیمیں اگلے مرحلے میں بہتر کارکردگی دکھانے کے لیے میدان میں اتریں گی

بقیہ نمبر 17

کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پریس کلب صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے مختلف اداروں کے ساتھ تعاون کو فروغ دے رہا ہے، روٹس ملینیم اسکولز کیساتھ معاہدہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے، بچوں کو معیاری تعلیم دلوانا ہر شخص کی خواہش ہے، روٹس ملینیم اسکولز کی جانب سے نیشنل پریس کلب کے ممبران کے بچوں کی تعلیم کے لیے خصوصی رعایت فراہم کرنا قابل تحسین اقدام ہے، روٹس ملینیم اسکولز کا شمار پاکستان کی بہترین درسگاہوں میں ہوتا ہے، سیکرٹری این پی سی ڈاکٹر فرقان راؤ نے کہا ہے کہ این پی سی کے ممبران کے بچے ملک کے مختلف اضلاع میں رہائش پذیر ہیں لہذا اس معاہدے کے اطلاق روٹس ملینیم اسکولز کے تمام کیمپسز پر لاگو کیا جائے تاکہ تمام ممبران کے بچے اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں، فنانس سیکرٹری عابد عباسی نے روٹس ملینیم اسکولز کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ معاہدہ صحافیوں کے خاندانوں کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ روٹس ملینیم اسکولز کے بانی و چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر فیصل مشتاق نے نیشنل پریس کلب کی قیادت اور ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم تک رسائی کو آسان بنانا ان کے ادارے کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ صحافی معاشرے میں آگاہی، شعور اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے بچوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنا ایک مثبت سماجی اقدام ہے۔ ڈاکٹر فیصل مشتاق نے بتایا کہ ان کی والدہ نے تقریباً 40 سال قبل تعلیم کے فروغ کے لیے اس سفر کا آغاز کیا تھا۔ 1988 میں راولپنڈی میں 40 بچوں کے ساتھ تعلیمی ادارے کی بنیاد رکھی گئی، جو وقت کے ساتھ ترقی کرتے ہوئے روٹس ملینیم اسکولز کی صورت میں ایک بڑے تعلیمی نیٹ ورک میں تبدیل ہوگیا اور اس وقت یہ ادارہ ملک بھر میں اپنے مختلف 75 کیمپسز کے ذریعے بچوں کو ابتدائی تعلیم سے لے کر اعلیٰ سطح کی تعلیم تک مواقع فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روٹس ملینیم اسکولز میں روایتی تعلیم کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی، روبوٹکس، اسٹیم ایجوکیشن، غیر ملکی زبانوں، کھیلوں، اساتذہ کی تربیت اور بین الاقوامی تعلیمی مواقع پر بھی توجہ دی جاتی ہے۔ ادارے کے طلبہ کو مختلف ملکی و بین الاقوامی تعلیمی پروگراموں اور یونیورسٹیوں میں داخلے کے لیے رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ ڈاکٹر فیصل مشتاق نے کہا کہ تعلیم صرف کاروبار نہیں بلکہ ایک اہم سماجی ذمہ داری ہے۔ ان کے مطابق ادارے کی پالیسی میں مستحق اور باصلاحیت طلبہ کے لیے وظائف بھی شامل ہیں، جبکہ ادارے کی فاؤنڈیشن سرکاری اسکولوں کی استعداد بڑھانے اور تعلیمی معیار بہتر بنانے کے لیے بھی کام کر رہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت نے تعلیم کے شعبے میں نئی راہیں کھولی ہیں، تاہم ٹیکنالوجی کبھی بھی استاد، والدین اور بچوں کے درمیان انسانی تعلق کا مکمل متبادل نہیں بن سکتی۔ تعلیمی اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کو اپنائیں، لیکن بچوں کی ذہنی و جذباتی نشوونما، سماجی تربیت اور انسانی روابط کو بھی یکساں اہمیت دیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وبا کے دوران دنیا بھر میں اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کی بندش نے تعلیمی نظام کو غیر معمولی چیلنج سے دوچار کیا۔ اس عرصے میں دنیا بھر کے تقریباً 1.6 ارب بچوں کی تعلیم متاثر ہوئی اور آن لائن تدریس کو فروغ ملا، چیٹ جی پی ٹی، بڑے لینگویج ماڈلز اور دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے بڑھتے ہوئے استعمال نے تعلیم کے روایتی طریقوں میں نمایاں تبدیلی پیدا کی، تاہم اس تجربے نے یہ بھی واضح کیا کہ محض آن لائن تعلیم بچوں کی تمام تعلیمی، سماجی اور جذباتی ضروریات پوری نہیں کرسکتی۔ ڈاکٹر فیصل مشتاق نے کہا کہ بچوں کی تعلیم میں اسکرین ٹائم، موبائل فون اور انٹرنیٹ کے بے جا استعمال کے اثرات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ والدین کو یہ سمجھنا ہوگا کہ بچوں کو جدید آلات اور انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرنا کافی نہیں، بلکہ ان کی سرگرمیوں، ذہنی صحت اور جذباتی کیفیت پر توجہ دینا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روٹس ملینیم اسکولز میں چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعت کے طلبہ کو لیپ ٹاپ کے استعمال کی سہولت فراہم کی گئی ہے تاکہ انہیں جدید تعلیمی وسائل سے استفادہ کرنے کا موقع ملے۔ ان کے مطابق، ٹیکنالوجی کو تعلیم کا مؤثر معاون بنانا وقت کی ضرورت ہے، لیکن اس کے ساتھ اساتذہ کی رہنمائی، بچوں کی سماجی تربیت اور خاندان کے کردار کو بھی برقرار رکھنا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل پریس کلب کے ممبران کے لیے روٹس ملینیم اسکولز کے ساتھ ساتھ ادارے کے دیگر متعلقہ تعلیمی برانڈز میں بھی رعایتی سہولتوں کی فراہمی پر تعاون کیا جائے گا، جبکہ مختلف کیمپسز اور پروگراموں کے مطابق رعایت کی تفصیلات مختلف ہو سکتی ہیں۔ معاہدے کے تحت نیشنل پریس کلب کے ممبران کو داخلہ فیس میں 50 فیصد اور ٹیوشن فیس میں 20 فیصد رعایت فراہم کی جائے گی، جبکہ سیکیورٹی فیس میں بھی 50 فیصد رعایت دی جائے گی۔ اس اقدام سے صحافیوں کے بچوں کو معیاری تعلیم کے حصول میں مالی سہولت میسر آئے گی۔ تقریب کے اختتام پر نیشنل پریس کلب کی قیادت نے ڈاکٹر فیصل مشتاق اور روٹس ملینیم اسکولز کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ اشتراک صحافی برادری کی فلاح و بہبود اور ان کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے اہم ثابت ہوگا

بقیہ نمبر 18

ہے ایس ایچ او چوہدری رفیق نے کہا کہ جوئے سمیت دیگر غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور قانون شکن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ نمبر 19

ایجوکیشن غلام مرتضیٰ شاہ، آئی بی اے پبلک اسکول کے پرنسپل ڈاکٹر علی گوہر چانگ، سی ایم او ایجوکیشن ثاقب صدیقی، سندھ ہاکی ایسوسی ایشن کے سیکرٹری رمضان جمالی، ڈپٹی ڈی ای او سوا ایجوکیشن جاوید قریشی، ٹی او سکھر طاہر قریشی، ویمن کوآرڈینیٹر فضیلہ اشرف اور پاکستان ہاکی کے نمائندگان اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران، تمام متعلقہ اسکولوں کے اساتذہ (PETs) اور طلباء نے شرکت کی

بقیہ نمبر 20

، ممبر ایڈمنسٹریشن، ڈائریکٹر جنرل ورکس، ڈائریکٹر جنرل انفراسٹرکچر، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور دیگر متعلقہ سینئر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سیکٹر C-14 کے دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کو مکمل اور جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے بتایا کہ سیکٹر میں بنیادی انفراسٹرکچر کی ترقی کا کام مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ بجلی کی فراہمی کے انتظامات آخری مراحل میں ہیں۔ سیکٹر کی مرکزی شاہراہوں پر لائٹ پولز کی تنصیب اور مرکزی سڑکوں و گلیوں میں سائن بورڈز لگانے کا کام بھی مکمل ہو چکا ہے، جبکہ سیکٹر کی خوبصورتی میں اضافے اور شہریوں کو جدید و معیاری رہائشی ماحول فراہم کرنے کے لیے لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کے کام تیزی سے جاری ہیں۔ بنیادی انفراسٹرکچر کی تکمیل کے بعد ترقی یافتہ پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنے کا باقاعدہ عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اس عمل کو مزید تیز کیا جائے اور باقی ماندہ اہل الاٹیز کو بلا تاخیر پلاٹس کا قبضہ فراہم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ہدایات کے مطابق اسلام آباد کے شہریوں کی رہائشی ضروریات پوری کرنا سی ڈی اے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کی منصوبہ بند اور پائیدار ترقی کے لیے بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ نئے رہائشی سیکٹرز کو بروقت ترقی دینا بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سیکٹر C-14 میں باقی ماندہ ترقیاتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں، انتظامی و تکنیکی رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے اور پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنے سے متعلق تمام کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اسلام آباد کی ترقی ایک مسلسل عمل ہے اور شہریوں کو جدید انفراسٹرکچر، بہتر رہائشی سہولیات، خوبصورت شہری ماحول اور مؤثر بلدیاتی خدمات فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 21

رہنمائی کے لیے شہریوں کو عدالت آنے یا مشاورتی اخراجات برداشت کرنے کی ضرورت نہیں۔ 1818 لیگل کال سینٹر کا مقصد شہریوں، بالخصوص مالی مشکلات کے شکار اور دور دراز علاقوں میں رہنے والے افراد کو قانونی معاونت فراہم کرنا ہوگا، سائلین اور عام شہری سپریم کورٹ کی خدمات اور عدالتی طریقہ کار سے متعلق معلومات کے لیے 1818 پر رابطہ کرسکیں گے

بقیہ نمبر 22

چائنہ ماچس 15 فائر سنگ برآمد، تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتشبازی کے سامان کی خرید و فروخت کرنے والے دو افراد کو گرفتار کرلیا

بقیہ نمبر 23

جانب سے باب المندب پر قبضے کے بعد بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں کی حفاظت کے لئے اپنا بحری مشن مزید مضبوط کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 24

ویزوں کے اجرا کی تجویز بھی متعلقہ حکام کو بھیجی جا رہی ہے۔ یہ بات ملائیشیا کے ہائی کمشنر داتو محمد اظہر مزلان نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے ملائیشیا اور پاکستان کے وزرائے اعظم کے ایک دوسرے کے ملکوں کے دوروں کے حوالے سے کہا کہ ان کے نتیجہ میں دو طرفہ تجارت کو بڑھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملائیشیا نے کراچی میں MATRADE کا دفتر قائم کردیا ہے جبکہ آئندہ ہفتے اسلام آباد میں بزنس سمٹ بھی ہو رہی ہے۔ انہوں نے فیصل آباد چیمبر کے صدر کو اس میں شرکت کی دعوت دی اور کہا کہ ملائیشیا گزشتہ کئی سالوں سے فیصل آباد سے ٹیکسٹائل کی معیاری مصنوعات درآمد کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ملائیشیا کے سرمایہ کاروں کو یہاں لانے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ وہ آسیان مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ کپڑا تیار کر کے اس کو برآمد بھی کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا پہلے دو اسلامی ملک ہیں جن کے درمیان فری ٹریڈ ایگریمنٹ ہوا تھا تاہم ابھی تک ان کی دو طرفہ تجارت کا حجم صرف 1.6 بلین ڈالر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ملائیشیا پاکستان سے چاول، گوشت اور دوسری زرعی مصنوعات درآمد کرتا ہے جن سے مقامی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے علاوہ ان کی ویلیو ایڈیشن کے بعد عالمی منڈیوں میں بھی فروخت کیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 25

کے مینجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر جاوید احمد نے گورنر سندھ سید نہال ہاشمی سے ایوارڈ وصول کیا اس موقع پر انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو، اور ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان کے صدر ماجد عزیز بھی موجود تھے۔ یہ اعزاز ایک ذمہ دار اور پائیدار کاروبار کی تعمیر کے لیے ہماری مسلسل کوششوں کا عکاس ہے، اور اس بات کی بھی دلیل ہے کہ جوبلی انشورنس سے وابستہ ملازمین کو کام کی ایسی جگہ فراہم کرتا ہے جہاں وہ خود کو قابل قدر، معاون اور جوبلی انشورنس کے کاز میں شامل محسوس کریں۔ یہ اعزاز ملازمین کی فلاح و بہبود، شمولیت، اور زیادہ پائیدار ماحول کے لیے باہمی اقدامات کرنے کے ہمارے عزم کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ یہ کامیابی ہم سب کی ہے اور جوبلی لائف انشورنس کی اجتماعی کوششوں کی عکاس ہے۔

بقیہ نمبر 26

محمد نفیس خان اور محمد خان کی طویل اور گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے مزدوروں کیلئے دن رات کام کیا اور ان کے مسائل حل کرانے کیلئے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا ان کی محنت اور ایمانداری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ریلوے اور مزدوروں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا اور یاد رکھا جائے گا وفاقی وزیر ریلوے ٹریک پر توجہ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریم یونین کے زیر اہتمام راولپنڈی میں مرکزی نائب صدر محمد نفیس خان اور ڈویژنل آرگنائزر محمد خان امازئی کے اعزاز میں ریٹائرمنٹ کے موقع پر زیر صدارت ڈاکٹر اشتیاق عرفان منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عبدالشکور عباسی، خضر حیات، رستم بٹ، نوید بخش، ملک زاہد، ملک طاہر، چوہدری ندیم منیر، نصر اللہ بھٹہ، چوہدری شکیل، جنید خرم، اکرام کنڈی، لاہور ڈویژن کے صدر فیاض شہزاد، پنشنرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین یونس جٹ، سینئر رہنما سید ظہور شاہ، کوآرڈینیٹر گورنر پنجاب ظہیر خان کھٹر، محنت کش یونین کے مرکزی صدر ملک یونس اعوان، اعجاز جدون، مزدور رہنما محمد یونس کھٹر ورکر یونین کے طاہر بھٹی، مبارک حسین، سماجی و دینی شخصیت پیر عامر نے کے علاوہ تمام زونوں کے عہدیداران اور مزدوروں کی بڑی تعداد شرکت کی اور مرکزی نائب صدر محمد نفیس خان اور ڈویژنل آرگنائزر محمد خان امازئی کی خدمات پر انھیں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر اشتیاق عرفان نے محمد نفیس خان اور محمد خان کی طویل خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے مزدوروں کے مسائل کے حل کیلئے پریم یونین کے شانہ بشانہ اہم کردار ادا کیا ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ محمد نفیس خان اور محمد خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر شیخ محمد انور اور سیکرٹری جنرل خیر محمد تونیو ڈویژنل صدر ڈاکٹر اشتیاق عرفان اور پریم یونین کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور ڈاکٹر اشتیاق عرفان کی انتھک کاوشوں، خلوص اور قائدانہ صلاحیتوں کو دل کھول کر سراہاتے ہوئے کہا کہ ہم نے ہمیشہ مزدوروں کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کیا اور یونین کے ساتھ شانہ بشانہ کام کیا جو ہماری زندگی میں ہمیشہ یاد رہے گی۔ اس موقع پر قائد پریم صدر شیخ محمد انور اور سیکرٹری جنرل خیر محمد تونیو نے شہید ملک شعیب کے لیے شہید پیکج دلوانے کا وعدہ بھی کیا اور چیئرمین ریلوے سے سی او ریلوے اور وفاقی وزیر ریلوے سے اپیل کی کہ ان کی فیملی سے ہر ممکن تعاون کیا جائے۔ آخر میں ملک کی سلامتی اور تمام فوت ہونے والوں کیلئے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ نمبر 27

سبزی منڈیوں، پوش علاقوں اور نچلی محلوں میں سبزیوں کے الگ الگ نرخ وصول کیے جا رہے ہیں، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 28

ٹائمز کے مطابق حملوں میں ایران کے میزائل اور ڈرون ذخائر کو نشانہ بنانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 29

نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، سیاسی و سماجی شخصیات، انجمن تاجران کے نمائندگان اور شہریوں نے بھی شرکت کی۔ قرعہ اندازی کا مقصد اہل اور مستحق امیدواروں کو شفاف طریقے سے اسٹالز فراہم کرنا اور کاروباری مواقع کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہے۔ اوپن قرعہ اندازی کے ذریعے اسٹالز کی الاٹمنٹ کے عمل کو واضح اور منصفانہ بنانے کی کوشش کی گئی، تاکہ امیدواروں کو یکساں مواقع میسر آسکیں۔ سہولت بازار کا قیام عوام کو اشیائے ضروریہ کی مناسب نرخوں پر فراہمی اور مقامی سطح پر کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ اسٹالز کی منصفانہ تقسیم سے چھوٹے کاروباری افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور مقامی تجارت کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس موقع پر شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر الاٹمنٹ کے عمل کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا

بقیہ نمبر 30

جنوری 2027 سے نافذ کرنے کا منصوبہ ہے، گیس صارفین کے لیے نیا سبسڈی نظام یکم جولائی 2027 سے متعارف کرانے کی تیاری کرلی گئی۔ بجلی اور گیس پر سبسڈی صرف مستحق اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ذرائع نے کہا کہ پاور ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے مستحق صارفین کی سماجی و اقتصادی رجسٹری پر کام شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق مستحق صارفین کی رجسٹریشن نومبر تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے، صارفین کا ڈیٹا تصدیق کے بعد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریکارڈ سے منسلک کیا جائے گا، نئی رجسٹری کے ذریعے بجلی اور گیس سبسڈی کے مستحق صارفین کی نشاندہی کی جائے گی۔ جنوری 2027 تک بجلی میں ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی اور کراس سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری ہے، گیس صارفین کو یکم جولائی 2027 سے سماجی و اقتصادی رجسٹری سے منسلک کیا جائے گا۔ ذرائع نے کہا کہ ڈسکوز نے بنیادی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواستیں دائر کردیں، توانائی شعبے میں گردشی قرض کا دباؤ کم کرنے کے لیے سبسڈی نظام میں تبدیلی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور اصلاحات سے متعلق تیاریوں سے آئی ایم ایف کو آگاہ کردیا گیا۔

بقیہ نمبر 31

ناوانیتھم نادی پلے کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ نوبیل کمیٹی کے مطابق ناوانیتھم نادی پلے کو امن اور عالمی قانون کے فروغ کے لیے نوبیل انعام دیا جا رہا ہے، 1941 میں جنوبی افریقی شہر ڈربن میں پیدا ہونے والی ناوانیتھم نادی پلے بھارتی نژاد خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ وہ جنوبی افریقا میں نسلی امتیاز کا سامنا کرتے ہوئے بڑی ہوئیں اور جنوبی افریقا کی ان اولین بھارتی نژاد خواتین میں سے ایک ہیں جنہوں نے قانون کی تعلیم حاصل کی، وہ نسل پرستی کے خلاف سرگرم افراد کا عدالتوں میں دفاع کرتی رہیں اور جیلوں کی ناقص حالات کے خلاف لڑتی رہیں۔

بقیہ نمبر 32

کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کیے گئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر سیاسی رہنماؤں نے شمالی وزیرستان میں 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 33

قبل ریاض اور ابہا ایئرپورٹ پر ہونے والے حملوں میں تین افراد جاں بحق جبکہ ایک پاکستانی سمیت 28 افراد زخمی ہوئے تھے۔ ادھر یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف حکومتی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ باب المندب اور بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں شدید لڑائی کی اطلاعات ہیں، جس سے خطے میں کشیدگی برقرار ہے۔ دریں اثنا اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے سعودی عرب کے کنگ خالد اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹس پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ تنظیم نے حملوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ او آئی سی کے اعلامیے میں کہا گیا کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا علاقائی امن و استحکام کے لیے خطرہ ہے۔ تنظیم نے سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے مملکت کی سلامتی، خودمختاری اور شہریوں سمیت وہاں مقیم افراد کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی حمایت کی۔ اعلامیے کے مطابق شہری آبادی اور اہم تنصیبات پر حملے نہ صرف انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ خطے میں امن و استحکام کی کوششوں کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ او آئی سی نے سعودی عرب کی سلامتی اور علاقائی استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 34

کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے پیش نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنا فضائی آپریشن عارضی طور پر معطل کیا ہے۔ بیان میں مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ائیرپورٹ روانہ ہونے سے قبل اپنی پرواز کی تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے پی آئی اے کال سینٹر 786-786-111 پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ گذشتہ تین روز کے دوران حوثیوں کی جانب سے ریاض کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کو دو مرتبہ بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا گیا ہے۔ جمعرات کو ہونے والے تازہ حملے کے بعد ایئر انڈیا اور دیگر متعدد بین الاقوامی فضائی کمپنیوں نے سعودی دار الحکومت کے لیے اپنی پروازیں معطل یا منسوخ کر دی تھیں۔

بقیہ نمبر 35

واقعہ گزشتہ روز شام 4 بجے کے قریب پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق تھانہ نظام پور کے محرر کو بذریعہ فون کال اطلاع ملی کہ شر پسند عناصر (دہشت گرد) بمقام کوہاٹ باؤنڈری پہاڑی سلسلہ میں موجود ہیں۔ اس اطلاع پر محرر نعیم اللہ، اسمٰعیل عامر اور نور اسلام کو ساتھ لے کر پرائیویٹ موٹر کار پر نگرانی کے لیے کوہاٹ باؤنڈری پیران کی طرف چلے گئے۔

بقیہ نمبر 36

ملزمہ کا منشیات کا بڑا نیٹ ورک ہے۔ گواہوں میں لیڈی کانسٹیبل سونیا اشرف اور تفتیشی افسر منصور شامل ہیں، سب انسپکٹر عبدالستار اور اے ایس آئی اورنگزیب بھی گواہوں میں شامل ہیں۔ یہ بھی پڑھیں: فیصل آباد میں لرزہ خیز واردات: دیور نے بھائی اور بھتیجے کو قتل کر دیا شکیل عباسی پبلک پراسیکیوٹر کے مطابق سی ٹی ڈی پولیس نے ملزمہ کو شناخت کیا ہے، ملزمہ کا سی ٹی ڈی آر ثابت کرتا ہے ملزمہ منشیات فروشوں سے رابطے میں تھی۔ عدالت نے مزید گواہان کو 14 اکتوبر کو طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 37

کشی خان اور نورین نیازی کی نظربندی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس عبہر گل خان نے علیمہ خان کے بیٹے شاہ ریز کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل رانا مدثر عمر پیش ہوئے۔ جسٹس عبہر گل نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو کپڑے بھی دیئے اور دوائیاں بھی دیں لیکن باہر جا کر آپ کہتے کچھ نہیں دیا۔ وکیل درخواست گزار رانا مدثر عمر نے بتایا کہ میں نے کہا کہ عدالتی حکم پر دیئے۔

بقیہ نمبر 38

خان جوڈیشل کمیشن میں حکومتی اتحاد کی نمائندگی کریں گے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل کمیشن کے دو ارکان پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک اور مسلم لیگ (ن) کے شیخ آفتاب احمد بھی اپنے عہدوں سے مستعفی ہو گئے تھے۔ فاروق ایچ نائیک نے استعفے کی وجہ ذاتی مصروفیات بتائی تھی۔ دونوں رہنماؤں کے مستعفی ہونے کے بعد حکومتی نمائندگی کی خالی عہدوں پر یہ نئی نامزدگیاں کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 39

ہوئے تھے، جہاں انہیں مختلف حراستی کیمپوں میں رکھا گیا تھا۔ نیو اسلام آباد ائیرپورٹ پر امیگریشن حکام نے ڈیپورٹیز کا کیس ٹو کیس جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر افراد ایئر روٹس کے ذریعے قانونی طور پر پاکستان سے گئے، بعد ازاں سلپ ہو کر غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کے دوران پکڑے گئے۔

بقیہ نمبر 40

میں ظہرانے کا اہتمام کیا، جس میں سرمایہ کاری کے مواقع اور دو طرفہ اقتصادی شراکت داری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے ہمراہ پاکستان میں مملکت نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ بھی موجود تھے۔ ظہرانے میں وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری، گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان، سیکرٹری تجارت اور وزارت خزانہ کے سینئر حکام نے بھی شرکت کی۔ وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے پاکستان میں دلچسپی لینے پر وفد کو سراہا اور کاروباری روابط، باہمی افہام و تفہیم اور دوطرفہ اقتصادی تعاون مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان مسلسل روابط سے تجارتی لحاظ سے قابل عمل سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی، شراکت داریوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے میں مدد ملے گی۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان کے بہتر ہوتے معاشی منظرنامے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ معاشی استحکام کے ثمرات کو پیداواری سرمایہ کاری، سرمائے کی تشکیل، برآمدات میں اضافے اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔ ترقی کا اگلا مرحلہ برآمدات، پیداواری صلاحیت میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر مبنی ہونا چاہیے، جس کے لیے مسلسل ساختی اصلاحات اور نجی سرمائے کو زیادہ سے زیادہ متحرک کرنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 41

خاتمہ ہمارا مطالبہ ہے، حکومت سترہ سو ارب کا بھتہ وصول کرنے کی بجائے ابتدائی مرحلہ میں سود کی تین فیصد شرح کم کرے پانچ ہزار ارب کیوں نہیں بچاتی؟ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چارسدہ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر کے پی وسطی عبدالواسع اور امیر ضلع شاہ حسین نے بھی جلسہ عام سے خطاب کیا۔ جلسہ گاہ میں اسلامی جمعیت طلبہ اور جمعیت طلبہ عربیہ کے کارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ امیر جماعت اسلامی نے قبل ازیں پشاور پریس کلب میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام بنو قابل گریجویشن تقریب سے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے چارسدہ میں بنو قابل پروگرام کے آغاز کا اعلان کیا اور خیبر پختونخواہ کی سیاسی جماعتوں کی جانب سے پٹرولیم لیوی کے خلاف جلسہ چارسدہ کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف ن لیگ اور آپ بھتہ لیوی ختم نہیں کرسکتے تو ہمیں ان سے ملاقات کی کوئی ضرورت نہیں، عوام اسلام آباد پہنچیں گے تو ہی وزیراعظم سے ملاقات ہوگی اور لیوی ختم کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی ملک کے پچیس کروڑ عوام کے حق کے لیے گزشتہ تین ماہ سے تحریک چلا رہی ہے۔ ملک میں آٹا مہنگا ہے، کسان پریشان ہے، یوریا مہنگی ہے، شوگر مل مافیا پہلے چینی برآمد کرتے ہیں پھر درآمد کے ذریعے دو مرتبہ مال کماتے ہیں، یہ مافیا بڑی بڑی نام نہاد سیاسی پارٹیوں میں شامل ہیں۔ ہم حکمرانوں سے پوچھتے ہیں کہ لیوی کا پٹرول کی عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے کیا تعلق ہے؟ یہ معاشی دہشت گردی کسی صورت قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک فیصد سود کم ہوتا ہے تو خزانہ کو پانچ سو چھیانوے ارب کا فائدہ ہوتا ہے، سود کی شرح آٹھ فیصد ہوجائے تو خزانہ کو پانچ ہزار ارب کا فائدہ ہوگا لیکن حکمرانوں کو یہ بات اس لیے سمجھ نہیں آتی کہ یہ بینک مافیا کی مدد کرتے ہیں۔ حکمران آئی ایم ایف کا نام لے کر قوم کا بیڑہ غرق نہ کریں، یہ بتائیں کہ یہ گیارہ ارب کے جہاز اور شاہ خرچیاں آئی ایم ایف سے پوچھ کر کرتے ہیں؟ حکمران قوم سے دھوکہ بازیاں بند کریں۔

بقیہ نمبر 42

نہیں کیا جاسکتا۔ خیبر پختونخوا کے عوام دہشتگردی کے خلاف لڑنے والوں کے ساتھ ہیں اور صوبے کے عوام کی حفاظت کر کے دکھائیں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر 9 مئی جیسے اقدامات کی کوشش کی گئی تو اس کے نتائج بھگتنا ہوں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ انہیں استعفیٰ دے دینا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے پر نااہل لوگ مسلط ہیں جنہوں نے آئین تک نہیں پڑھا۔ آئینی معاملات پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اجلاس جب بلانا ہوگا، ضرور بلاؤں گا، اس کے لیے آئین پڑھ لینا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب چاہوں چیف سیکرٹری یا انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخوا کو بلا سکتا ہوں، جبکہ گورنر راج نافذ کرنے کا فیصلہ وفاقی حکومت کرے گی۔ لانگ مارچ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ لانگ مارچ لگی ایرانی سرکس کی طرح گھوم رہا ہے۔

بقیہ نمبر 43

کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما اختیار ولی خان بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 44

جانب سے شہداء کو سلامی دی گئی اور پھول رکھے گئے۔ شہداء کے جسد خاکی مکمل سرکاری اعزاز اور احترام کے ساتھ تدفین کے لیے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی حکومت کا کوئی نمائندہ شہداء کے جنازوں میں شریک نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 45

اعلان کیا کہ وہ ریاض کے لئے اپنی پروازیں عارضی طور پر معطل کر رہی ہیں۔ سعودی دار الحکومت میں تعینات سفارت کاروں اور مقامی رہائشیوں نے بتایا کہ شہر میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں جس کے بعد سفارتی عملے کو اپنی عمارتوں کے اندر رہنے کی ہدایت کی گئی

بقیہ نمبر 46

مارٹم رپورٹ کے مطابق مقتولہ کے جسم پر تشدد کے زخموں اور گلا دبانے کے واضح نشانات موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 47

اسناد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ میں ایوارڈز اور اسناد تقسیم کیں اور نوجوانوں کے مستقبل کی پیشہ ورانہ تیاری میں رہنمائی اور سرپرستی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے پی اے سی سی سی کی قیادت کو دعوت پر شکریہ ادا کیا اور طلبہ کی حوصلہ افزائی اور نوجوانوں کو تجربہ کار ماہرین سے سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ جب تجربہ کار افراد اپنا علم، مشکلات سے سیکھے گئے اسباق اور تجربات نوجوانوں کے ساتھ بانٹتے ہیں تو یہ رہنمائی ان کے لئے خاص طور پر مفید ثابت ہوتی ہے، اس سے نوجوان واضح اہداف مقرر کر سکتے ہیں، متعلقہ مہارتیں حاصل کر سکتے ہیں اور زیادہ اعتماد اور مقصدیت کے ساتھ اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان تعلیمی، پیشہ ورانہ اور کاروباری روابط مضبوط بنانے میں پاکستانی نژاد امریکی برادری کے کردار کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے قریبی روابط نوجوانوں کے لئے نئے مواقع پیدا کرنے اور علم و تجربے کے تبادلے کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ علم حاصل کرنے کا جذبہ برقرار رکھیں، سوالات کریں، رہنمائی حاصل کریں اور اپنے لئے واضح اہداف مقرر کریں۔ انہوں نے نوجوانوں کو دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے اور عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کی۔ وفاقی وزیر نے ایوارڈز اور اسناد حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارکباد دی اور نوجوانوں کی ترقی میں ان کے خاندانوں، رہنماؤں اور پی اے سی سی سی کی معاونت کو سراہا۔ اس سے قبل پاکستان امریکن شکاگو لینڈ چیمبر آف کامرس کے صدر نوید انور نے اپنے خطاب میں چیمبر آف کامرس کی معاشی تجارتی کاروباری سرگرمیاں اور چیمبر کے زیر اہتمام جاری مختلف پروجیکٹ کا مختصر جائزہ پیش کی۔

بقیہ نمبر 48

ہوتا کہ سیاسی تناؤ میں کمی آسکے۔ علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی رہنماؤں کو اسلام آباد میں ہونا چاہیے تاکہ بات چیت کا عمل جاری رہے، ہم چاہتے ہیں کہ سیاسی تناؤ کا حل خون خرابے کے بغیر نکل آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے بار بار حکومت کو مذاکرات کا راستہ فراہم کیا، سردار ایاز صادق لاہور میں ہے اسلام آباد آئیں گے تو ملاقات بھی ہوگی۔

بقیہ نمبر 49

جس کا بنیادی مقصد پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری شراکت داری اور پیشہ ورانہ تعاون کو فروغ دینا ہے ان خیالات کا اظہار کا صدر نوید انور نے شہر نامہ نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستانی کاروباری شخصیات اور امریکی منڈیوں کے درمیان روابط مضبوط کرنے، پاکستانی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے اور نوجوانوں کو پیشہ ورانہ رہنمائی فراہم کرنے کیلئے جہاں تک ممکن ہے ہم کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہم مختلف چیمبر کے اشتراک سے بھی مفاہمتی و باہمی تعاون سے تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری روابط، معلومات کے تبادلے اور پاکستانی کاروباروں کو امریکی منڈی تک رسائی میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 50

پیش ہوئی، عدالت کے جج امجد علی شاہ خصوصی کورس کے سلسلے میں رخصت پر ہیں جس کے باعث مقدمے کا محفوظ فیصلہ 16 اکتوبر تک موخر کردیا گیا۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے 26 نومبر مقدمے کا فیصلہ محفوظ کر لیا تھا، آج صبح عدالت میں وکلا کے پیش ہونے پر بتایا گیا کہ فیصلہ 16 اکتوبر تک موخر ہے۔ 26 نومبر مقدمے کا فیصلہ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے محفوظ کیا تھا، 26 نومبر احتجاج مقدمہ تھانہ صادق آباد میں درج ہے۔

بقیہ نمبر 51

سابق وزیر اعظم محمد نواز شریف سے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے آج جاتی امراء، رائیونڈ میں ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران نواز شریف نے گورنر سندھ نہال ہاشمی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ عوام کی خدمت اور وفاق و صوبے کے درمیان روابط کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی امور اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر گفتگو کی گئی۔ نواز شریف نے اس امید کا اظہار کیا کہ گورنر سندھ اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دیتے ہوئے عوامی خدمت اور وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 52

دوران تقریباً 9 ہزار کمپنیوں نے رضاکارانہ طور پر فوجی ساز و سامان کی تیاری کی کوششوں میں حصہ لیا۔ ایران کی وزارت دفاع کے ترجمان رضا طلائی نیک نے سرکاری ٹیلی ویژن کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں اسلحہ تیار کرنے کی صلاحیت ایک طویل اور مسلسل جنگ کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہے، ایران کے پیداواری نظام میں اس وقت طویل جنگ جاری رکھنے کے لیے درکار اسلحہ تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے دوران اسلحے کی پیداوار جنگ سے پہلے کی سطح کے مقابلے میں ڈھائی گنا بڑھ گئی، ایران نے پہلے ہی متبادل اور محفوظ پیداواری مقامات تیار کر رکھے تھے اور فوجی ساز و سامان کی پیداوار ایک دن کے لیے بھی نہیں رکی، جنگ کے دوران تقریباً 9 ہزار کمپنیوں نے رضاکارانہ طور پر فوجی ساز و سامان کی تیاری کی کوششوں میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت دفاع کا عملہ میزائل داغنے والی ٹیموں، ڈرون یونٹس، بحری اور فضائی افواج کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ میدان جنگ سے حاصل ہونے والے تجربات کی روشنی میں نئے خطرات سے نمٹنے کے لیے ہتھیاروں اور فوجی ساز و سامان کو بہتر بنایا جا سکے، ایران کی پہلی ترجیح اپنی فوجی ضروریات پوری کرنا ہوگی، تاہم ملک اضافی دفاعی مصنوعات برآمد کرنے کا بھی ارادہ رکھتا ہے، ہم پہلے اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں اور مستقبل میں برآمدات کے لیے اضافی پیداوار میں اضافہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 53

جان سے گئے۔ عرب نیوز کے مطابق پہلے حملے میں ایئرپورٹ کی تنصیبات جبکہ دوسرے حملے میں سعودیہ ایئرلائنز کے ایک طیارے کو نشانہ بنایا گیا۔ سعودی سول ایوی ایشن کی جنرل اتھارٹی کے مطابق حملوں کے فوراً بعد ہنگامی امدادی ٹیموں اور متعلقہ حکام نے کارروائی شروع کردی۔ حملوں میں تین سعودی شہری ہلاک ہوئے جبکہ متعدد افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ متعلقہ سیکورٹی اداروں کے تعاون سے نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور مسافروں سمیت ایئرپورٹ عملے کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق ایئرپورٹ کی تمام آپریشنل سرگرمیاں بحال کردی گئی ہیں اور فضائی آمد و رفت معمول پر آگئی ہے۔

بقیہ نمبر 54

سربراہی میں تین رکنی لارجر بنچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت علی زمان ایڈووکیٹ نے کہا کہ اس کیس میں جو وکیل تھے، وہ اب ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بن گئے ہیں، ہم اس کیس میں وکالت نامے جمع کرائیں گے۔ درخواست گزاروں کے وکیل محمد انعام یوسفزئی ایڈووکیٹ نے عدالت کو بتایا کہ صوبائی وزیر ڈاکٹر امجد کو رات کے وقت اٹھایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں پھر ایسے حالات بن رہے ہیں کہ ان کے ارکان کو نامعلوم افراد اٹھا رہے ہیں۔ گزشتہ روز مردان سے ان کے ایک رکن کو اٹھایا گیا، جبکہ سوات سے صوبائی وزیر کو اٹھایا گیا۔

بقیہ نمبر 55

اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے، صوبہ آگ کی لپیٹ میں ہے۔۔ راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ سیاسی جماعتوں سے سوال ہے کہ وہ کتنا انتظار کریں گی، وہاں دہشتگردی کی لہر پھیلی ہے اسکو کوئی دیکھنے کو تیار نہیں، کچھ دنوں سے خیبر پختونخوا میں طوفان بدتمیزی اور تماشا لگا ہوا ہے، وزیر اعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں کسٹم کے ملازمین مارے گئے کوئی ان کے گھر نہیں گیا، انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ناچ لیں

بقیہ نمبر 56

درمیان جھگڑے پر خاتون کی گرفتاری کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ مقدمے کے مطابق زرینہ بی بی اسپتال میں داخل ایک مریضہ کی رشتہ دار تھی، جہاں علاج معالجے کے معاملے پر اس کا اسٹاف نرس ستارہ سلیم سے جھگڑا ہو گیا تھا۔ نرس نے ملزمہ کے خلاف تشدد اور کپڑے پھاڑنے کا مقدمہ درج کروایا تھا۔ ملزمہ نے مقدمے میں عبوری ضمانت حاصل کر رکھی تھی، جسے آج عدالت نے کنفرم کردیا۔ سماعت کے موقع پر اسٹاف نرس ستارہ سلیم بھی عدالت میں موجود تھیں۔

بقیہ نمبر 57

وقوعہ کا معائنہ کیا، خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے لال کرتی میں قائم اپارٹمنٹ کا دورہ بھی کیا، اس موقع پر سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا بھی موجود تھے۔ تفتیشی ٹیم نے تحقیقاتی ٹیم کو خصوصی بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 58

اضلاع کے تمام انتظامی معاملات کی نگرانی کریں گے اور سرکاری امور ان کی نگرانی میں چلائے جائیں گے۔ دوسری جانب ذرائع کا کہنا تھا کہ اس معاملے پر غور کے لیے کل اسلام آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہو رہا ہے جس میں خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ممکنہ ایمرجنسی سے متعلق امور کا جائزہ لیا جائے گا

بقیہ نمبر 59

پی آر نے کہا کہ کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، جس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے، اور سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے امریکا ایران جنگ کے خاتمے کیلئے معاہدے کی کوششوں کے حوالے سے کہا کہ ہم نے پہلے بھی کردار ادا کیا، اب بھی کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے تاکہ اختلافات کم ہوں اور مذاکرات کے ذریعے پرامن حل نکلے، ہم چاہتے ہیں کہ یہ تنازع مزید نہ پھیلے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے انتہائی دیانت دار ثالث کے طور پر غیر جانب داری سے امریکا ایران جنگ بندی کے لئے اہم کردار ادا کیا ہے، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے اور ہم نے اپنے تمام شراکت داروں اور دوستوں کو بتایا ہے کہ جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا

بقیہ نمبر 60

نے کہا کہ مستحق طبقات کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے بھرپور کوشش کی جائے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی صدارت میں فیول سبسڈی سکیم پر مشترکہ اجلاس ہوا، جس میں وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم پر نیشنل سٹیئرنگ کمیٹی اور میڈیا مینجمنٹ کمیٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ متعلقہ وزارتوں کے درمیان روابط اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں تمام صوبائی حکومتوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں کی تجاویز اور تعاون کو سراہا گیا۔ اجلاس میں وزیر اطلاعات، وزیر ماحولیاتی تبدیلی اور وزیر پٹرولیم نے شرکت کی، جبکہ وزیر مملکت برائے خزانہ، وزیر اعظم کے معاون خصوصی اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے

بقیہ نمبر 61

میں کہا گیا کہ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے وفاقی حکومت کے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 52 پیسے اضافہ کردیا گیا اور فی لیٹر قیمت 396 روپے 24 پیسے مقرر کی گئی ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 66 پیسے کی کمی کی گئی ہے، جس کے نتیجے میں پیٹرول کی فی لیٹر قیمت معمولی کمی کے ساتھ 398 روپے 30 پیسے ہوگئی ہے جبکہ گزشتہ روز 398 روپے 96 پیسے مقرر کی گئی تھی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا اطلاق 10 اکتوبر سے 12 اکتوبر 2026 تک 3 روز کے لیے ہوگا۔

اسلام آباد، آزاد کشمیر کے نومنتخب صدر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو معروف سیاسی وسماجی رہنما راجہ صابر پھول پیش کر رہے ہیں

پاکستانی، بائے پاکستانی” پروموشنل ایونٹ آج ہوگا

مقصد عوام میں مقامی مصنوعات، ہنر اور ثقافت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے

مختلف علاقوں کے روایتی کھانے، دستکاری اور مقامی مصنوعات شہریوں کی توجہ کا مرکز ہونگی

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) پرووِیس ایونٹس (PROWESS Events) کے زیر اہتمام قومی نمائش ”بی پاکستانی، بائے پاکستانی“ کا پروموشنل ایونٹ کل، 10 اکتوبر 2026 کو ڈی ایچ اے 1 کے املتاس فیملی کلب میں منعقد ہو رہا ہے۔ تقریب کا مقصد عوام میں مقامی مصنوعات، ہنر اور ثقافت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ تقریب کا مرکزی تھیم ”Made in Pakistan. Powered by You.“ ہے۔ پیغام یہ ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ایران جنگ کے اخراجات ونقصانات چھپانے کی کوشش کی جارہی، امریکی سینیٹر

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ڈیموکریٹ سینیٹر کرس مرفی نے ایران کے خلاف جنگ کے اخراجات اور ناکامیوں کو چھپانے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ محکمہ دفاع نے مجھے خطے میں امریکی فوجی تنصیبات کے دورے سے روک دیا۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این سے گفتگو کرتے ہوئے کرس مرفی نے کہا کہ حکام نے سکیورٹی خدشات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

چیرپرسن ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان محترمہ آمنہ مسعود جنجوعہ پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو۔

سہیل آفریدی کا شارٹ ٹرم مارچ دہشتگردی کے حق میں ہو رہا ہے، عظمیٰ بخاری

پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے

پی ٹی آئی قیادت کو مسخرے ”کنٹینر باز“ نے یرغمال بنایا ہے، نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ ”شارٹ ٹرم مارچ“ میں تبدیل ہو چکا، یہ مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے لیکن سڑکوں پر دندناتا مارچ مکمل محفوظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ ”شارٹ ٹرم مارچ“ میں تبدیل ہو چکا ہے، مارچ نہ بانی پی ٹی آئی کے حق میں ہے نہ پختون عوام کے حق میں ہے، ان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ہیومن رائٹس معاملہ ہمیشہ صف اول پر رکھا ہے، خاقان خواجہ

معاشرے میں انسانی حقوق کو بنیادی حیثیت حاصل، آمنہ مسعود سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ ہیومن رائٹس کا معاملہ ہمیشہ ہم نے اپنے منشور میں صف اول پر رکھا ہے کسی بھی معاشرے میں انسانی حقوق کو بنیادی حیثیت حاصل ہے اور ہم اپنے اس منشور پہ ضرور عمل کریں گے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں ایک نمائندہ وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ جس میں چیئرپرسن ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان آمنہ مسعود جنجوعہ۔ ملک مسرور زمان۔ زمان زکاء درانی۔ معظم علی شاہ۔ سید علی رضا اور طلبہ و طالبات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

مفت قانونی رہنمائی سروس کا افتتاح

چیف جسٹس کا مستحق شہریوں کو مفت قانونی معاونت پر اتفاق

لیگل کال سینٹر کی سروس کا آغاز، مفت قانونی معاونت کی درخواست پر متعلقہ بار کونسل سات روز کے اندر فیصلہ کرے گی

1818 پر فائلنگ اعتراضات دور کرنے اور عدالتی فیصلوں اور احکامات کی مصدقہ نقول کے حصول سے متعلق رہنمائی بھی دستیاب ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان میں 1818 لیگل کال سینٹر کا افتتاح۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی موجودگی میں 1818 لیگل کال سینٹر کی سروس کا باضابطہ آغاز۔ پہلے کالر محمد سلیم کی کال سے 1818 لیگل کال سینٹر کی خدمات کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ 1818 لیگل کال سینٹر کے ذریعے شہریوں کو مفت قانونی رہنمائی اور عدالتی معلومات فراہم کی جائیں گی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کا کہنا تھا کہ قانونی مشورے کے خواہشمند شہری گھر بیٹھے 1818 پر کال کر کے مفت قانونی رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں، مفت قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، 19 گینگز کے 88 کارندے دھر لیے، کروڑوں کا مال برآمد

شہریوں کو ریلیف فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے، سلیمان ظفر

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) 19 گینگز کے 88 ملزمان گرفتار، 16 کروڑ روپے سے زائد رقم کا مال مسروقہ اور 56 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن سلیمان ظفر کی پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں پریس کانفرنس۔ سنگین جرائم اور گاڑی و موٹر سائیکل چوری میں ملوث 88 ملزمان گرفتار۔ رابری اینڈ ڈکیتی یونٹ پولیس ٹیموں نے سات کروڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

جامعہ علوم اثریہ کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد کل ہوگا، حافظ عبدالحمید عامر

جامعہ کے کامیاب ہونیوالے 61 خوش نصیب طلباء میں اسناد تقسیم کی جائیں گی

جہلم (نامہ نگار) جامعہ علوم اثریہ جہلم کا 43 واں سالانہ جلسہ تقسیم اسناد و انعامات و تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر 11 اکتوبر بروز اتوار بعد از نماز عصر سے شروع ہو کر رات تک ہوگا۔ پروگرام کا آغاز بعد نماز عصر ہوگا۔ 15:3 بجے جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ عبدالرحیم اثری صحیح بخاری کی آخری حدیث پر درس ارشاد فرمائیں گے۔ 30:4 سے نماز مغرب تک سوال وجواب کی خصوصی نشست ہوگی۔ سوالات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

بھونگ انٹرچینج منصوبے کیلئے فنڈز کی فراہمی معاملے میں کو ایک ماہ کی مہلت

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ملتان سکھر موٹروے پر بھونگ انٹرچینج کی تعمیر سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق کرنے سے متعلق درخواست پر فنڈز کی ادائیگی کے لئے وزارت منصوبہ بندی اور وزارت خزانہ کو ایک ماہ کا وقت دے دیا۔ اسسٹنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

امریکا اور برطانیہ کی سعودی عرب میں مقیم اپنے شہریوں کے لیے سفری ہدایات جاری

لندن، واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا اور برطانیہ میں سعودی عرب میں مقیم اپنے شہریوں کے لیے سفری ہدایات جاری کر دیں۔ برطانیہ کے دفتر خارجہ نے سعودی عرب کے مختلف صوبوں اور شہروں کے سفر کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سرحد پار سے دہشت گردی کا ایک اور واضح ثبوت مل گیا

کابل (آئی این پی) پاک فوج کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے خارجی دہشتگرد کی افغانستان میں تعزیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد پولیس کا فلیگ مارچ کا انعقاد

زونل ایس پیز اور اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں نے حصہ لیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی انتظامات کو مزید موثر بنانے اور امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنے کیلئے اسلام آباد پولیس کا فلیگ مارچ کا انعقاد، فلیگ مارچ کا مقصد شہر کی سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پریذیڈنٹ ٹرافی: پی ٹی وی نے غنی کو 10 وکٹوں سے ہرادیا

کاشف علی کی 5، حارث رؤف کی چار وکٹیں، چھٹا راؤنڈ 12 اکتوبر سے شروع ہوگا

اسلام آباد (پی پی اے) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے پانچویں راؤنڈ کا کھیل مکمل ہوگیا ایبٹ آباد میں پی ٹی وی نے غنی کو 10 وکٹوں سے شکست دے دی جبکہ پشاور اور اسلام آباد میں کھیلے گئے دونوں میچز ڈرا ہوگئے ٹورنامنٹ کا چھٹا راؤنڈ 12 اکتوبر سے شروع ہوگا ایبٹ آباد میں پی ٹی وی نے غنی کی جانب سے دیا گیا 15 رنز کا ہدف بغیر کسی نقصان کے حاصل کر کے میچ اپنے نام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گوجرخان پولیس کی جوئے کے اڈے پر کارروائی، 6 ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں کی نقدی و موبائل فون برآمد، مقدمہ درج

گوجرخان (بیورو رپورٹ) اے ایس پی گوجرخان سرکل سید دانیال کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ گوجرخان چوہدری رفیق کی زیرنگرانی پولیس نے جوئے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جوا کھیلنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں محمد راشد، گوہر محمد مرسلین، فیصل عباس، نجم حسین، زیشان صدیق اور عرفان بھٹی شامل ہیں ملزمان کے قبضے سے جوئے پر لگی 3 لاکھ 75 ہزار روپے نقدی، 3 لاکھ 60 ہزار روپے مالیت کے 6 موبائل فون اور آلات قمار بازی برآمد کیے گئے پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری ترقی پانے والے افسران کو تعریفی اسناد اور رینک لگا رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کے 40 افسران کی اگلے عہدوں پر ترقی

آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری نے نمایاں کارکردگی پر افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد کی تقسیم کیں

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور ان کے مسائل کا بروقت حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل، گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) اسلام آباد پولیس کے 40 افسران اگلے عہدوں پر ترقی پا گئے۔ آئی جی اسلام آباد کی نمایاں کارکردگی پر افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد کی تقسیم۔ آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے پانچ سب انسپکٹرز کو انسپکٹر اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

نیشنل پریس کلب اور روٹس ملینیم اسکولز میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط

صحافیوں کے بچوں کو داخلے میں پچاس اور فیسوں میں 20 فیصد رعایت دی جائیگی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) نیشنل پریس کلب اسلام آباد اور روٹس ملینیم اسکولز کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب این پی سی میں منعقد ہوئی، معاہدے پر نیشنل پریس کلب کی جانب سے صدر عبدالرزاق سیال جبکہ روٹس ملینیم اسکولز کے بانی و چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر فیصل مشتاق نے دستخط کیے جس کے تحت نیشنل پریس کلب کے ممبران کے بچوں کو تعلیمی فیسوں میں خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر فنانس سیکرٹری عابد عباسی، جوائنٹ سیکرٹری شکیلہ جلیل، سید ضیغم نقوی، ناصر اسلم راجہ سمیت دیگر ممبران بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب اپنے میں این پی سی کے صدر عبدالرزاق سیال نے روٹس ملینیم اسکولز کے بانی و چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر فیصل مشتاق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

برطانیہ، امریکی اہلکاروں کے زیر استعمال ایئربیس داخلے پر 2 افراد گرفتار

لندن (آئی این پی) برطانیہ میں امریکی اہلکاروں کے زیر استعمال رائل ایئرفورس بیس میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے پر دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انسداد دہشت گردی پولیس کا کہنا ہے کہ 32 اور 36 سالہ دونوں افراد کو مشرقی انگلینڈ میں واقع آر اے ایف مولز ورتھ کے اندر سے اس وقت گرفتار کیا گیا جب سکیورٹی گشت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پرنسپل پنجاب کالجز شاہجہان اکبر کا پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ

پریس کلب اہم پلیٹ فارم، تعاون کو مزید آگے بڑھایا جائے گا، گفتگو

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پنجاب گروپ آف کالجز کے پرنسپل شاہجہان اکبر نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ کیا اور انتخابات برائے سال 2026-27ء کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر نومنتخب صدر راجہ محمد اقبال، جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال، طلعت محمود سیال، راجہ ظفر اقبال بھٹی، راجہ فیصل خان، ملک جاوید اقبال، قدیر خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سکھر ڈویژن کے اسکولوں میں ہاکی کٹس تقسیم کرنے کی تقریب

ہاکی فیڈریشن، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران سمیت اہم شخصیات کی شرکت

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے زیراہتمام پاکستان کے قومی کھیل ہاکی کو اسکول کی سطح پر دوبارہ زندہ کرنے اور نوجوان نسل میں کھیل کا شوق بیدار کرنے کے لیے ایک تاریخی اقدام کے تحت سکھر ڈویژن میں 26 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کا سامان (ہاکی کیٹس) تقسیم کرنے کی پروقار تقریب آئی بی اے پبلک اسکول سکھر میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں آئی بی سی ایڈیشنل سیکرٹری میراں محی الدین سومرو، ڈپٹی کمشنر سکھر نادر شہزاد خان، اسسٹنٹ کمشنر سکھر، ماجد علی ماکو، ڈپٹی میئر سکھر ڈاکٹر ارشد مغل، پرووی سی میر محمد شاہ، پی ایچ ایف میڈیا ہیڈ محمد وقاص شیخ، ڈائریکٹر اسکول شہاب الدین، ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکول حمیدہ جتوئی، ڈی ای او (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.6 ریکارڈ

اسلام آباد (آئی این پی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 6.4 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کی زیر زمین گہرائی 196 کلومیٹر تھی

مشرق وسطی میں کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل مزید مہنگا

واشنگٹن (آئی این پی) مشرق وسطی میں ایران کے خلاف جاری امریکی جنگ سے متعلق خدشات دوبارہ بڑھنے کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔

بیروت، جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی ہلاک، 3 اہلکار زخمی

بیروت (آئی این پی) جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی ہلاک جبکہ 3 اہلکار زخمی ہوگئے۔ اسرائیلی فوج کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

صوبائی حکومت قبائلی فنڈز سیاسی کشمکش کی نذر کر رہی ہے، شہری

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کی خراب کارکردگی کے باعث قبائلی اضلاع ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والے شہریوں کا کہنا ہے کہ قبائلی اضلاع کیلئے مختص فنڈز صوبائی حکومت سیاسی کشمکش کی نذر کر رہی ہے۔ قبائلی اضلاع کے فنڈز صوبائی حکومت کو فراہم کرنے کے بجائے براہ راست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

چیئرمین سی ڈی اے کا سیکٹر C-14 اور سنگجانی انٹرچینج کا دورہ

بنیادی انفراسٹرکچر مکمل، ترقی یافتہ پلاٹس کا قبضہ الاٹیز کے حوالے کرنیکا عمل شروع

اسلام آباد (پ ر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف نے سیکٹر C-14 اور سنگجانی انٹرچینج کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، تعمیراتی معیار اور کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ممبر بلڈنگ، ممبر اسٹیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جوبلی لائف نے (EFP) کا ایوارڈ حاصل کرلیا

اعزاز ذمہ دار اور پائیدار کاروبار کی تعمیر کیلئے مسلسل کوششوں کا عکاس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کو ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (EFP) کی جانب سے لائف انشورنس کیٹیگری میں ”گیم چینجر آئیکن آف پاکستان“ ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ 7 اکتوبر 2026 کو گورنر ہاؤس، کراچی میں ہونے والی خصوصی پلاٹینم جوبلی تقریبات اور ایوارڈز کی تقریب میں دیا گیا۔ جوبلی لائف انشورنس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آتش بازی کے سامان کی خرید وفروخت کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس کی کارروائی، آتش بازی کے سامان کی خرید وفروخت کرنے والے 2 ملزمان گرفتار، 220 گولے، 170 انار، 115 پھلجڑیاں، 110 ہوائیاں، 150 ڈبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

یورپی یونین کا بحیرہ احمر میں جہازوں کی حفاظت کیلئے بحری مشن مزید مضبوط بنانے کا فیصلہ

برسلز (آئی این پی) یورپی یونین نے یمن میں جنگ اور حوثیوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پاکستانی اشیاء کو ملائیشیا مارکیٹ سے ہم آہنگ کرنا ہوگا، ہائی کمشنر

فیصل آباد (صباح نیوز) پاکستان اور ملائیشیا کے پوٹینشل سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے دونوں ملک 2007-8 کے فری ٹریڈ ایگریمنٹ کو اپ ڈیٹ کر رہے ہیں جبکہ ای ویزا کے ساتھ ساتھ 5 یا دس سال کی مدت کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

نفیس خان اور خان امازئی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، شیخ انور

مزدوروں کے مسائل حل کرانے کیلئے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا، خیر محمد تونیو

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ریلوے پریم یونین (سی بی اے) کے مرکزی صدر شیخ محمد انور اور مرکزی سیکرٹری جنرل خیر محمد تونیو نے ریٹائر ہونے والی ہردلعزیز شخصیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، پریم یونین کے زیراہتمام نفیس خان اور خان امازئی کے اعزاز میں تقریب کے بعد شیخ انور و دیگر کا گروپ فوٹو

سرکاری نرخ نامے مسترد، ملک بھر میں اشیاء ضروریہ مہنگی فروخت

سرکاری قیمتوں اور پرچون بازاروں کے نرخوں میں نمایاں فرق، پیاز، ٹماٹر، لہسن، ادرک اور دیگر سبزیوں کی من مانی قیمتیں وصول

سرکاری نرخ نامے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی کی جائے، عوامی، سماجی و شہری حلقے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سرکاری قیمتوں اور پرچون بازاروں کے نرخوں میں نمایاں فرق، پیاز، ٹماٹر، لہسن، ادرک اور دیگر سبزیوں کی من مانی قیمتیں وصول کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ سرکاری نرخ نامے کے مطابق متعدد سبزیوں کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے، تاہم اس کے باوجود تمام سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جا رہی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

ٹرمپ ایران پر نئے حملوں کے حوالے سے ہچکچاہٹ کا شکار ہیں: نیویارک ٹائمز

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج ایران پر 3 روزہ شدید حملوں کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، صدر ٹرمپ تاحال ایران پر نئے حملوں سے متعلق کشمکش کا شکار ہیں۔ نیویارک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سہولت بازار کے اسٹالز کی الاٹمنٹ کے لیے نیلامی کا انعقاد

رکن صوبائی اسمبلی شوکت عزیز بھٹی سمیت سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

قرعہ اندازی کے موقع پر آنے والے تمام مہمانان گرامی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کی زیر نگرانی سہولت بازار کے اسٹالز کی الاٹمنٹ کے لیے ٹی ایم اے ہال گوجرخان میں شفاف اور میرٹ پر مبنی اوپن قرعہ اندازی کا انعقاد کیا گیا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی شوکت عزیز بھٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

غربت کا اژدھا سامنے، تریاق کہاں ہے؟

غربت مقدر نہیں، مواقع کی نابرابری کا نتیجہ بھی ہے کمانے کا ہنر بھی دیں

ترقی وہ نہیں جو سڑکوں پر دکھائی دے، ترقی وہ ہے جو زندگی بدلے

مہنگائی دانت، بے روزگاری آنکھیں، غربت کا اژدھا کیسے شکست کھائے؟

مواقع چند ہاتھوں میں، غربت کروڑوں کے حصے میں

باد سحر

ڈاکٹر معاذ کمال بریالے

دینے کا کارخانہ نہ ہو بلکہ انسانی صلاحیت کو معاشی طاقت میں بدلنے کی فیکٹری ہو۔ پاکستان کو اب صرف GDP بڑھانے کی نہیں، انسان کی قدر بڑھانے کی معیشت چاہیے۔ ایسی growth جس کا عکس stock market کی سکرین پر ہی نہیں، مزدور کے گھر کے چولہے پر بھی دکھائی دے۔ ایسی ترقی جسے صرف motorway کے میلوں میں نہیں، بچوں کے سکول جانے والے قدموں میں بھی ناپا جائے۔ ایسی خوش حالی جس کا ثبوت صرف بڑے شہروں کی روشنی نہ ہو بلکہ دور افتادہ بستی کے اس گھر کا روشن چراغ بھی ہو جہاں پہلی مرتبہ کسی بچے کو یقین ہو کہ اس کا مستقبل اس کے والدین کی غربت کا پابند نہیں۔ یہاں ہمیں اپنی معاشی سوچ بدلنا ہوگی۔ سوال یہ ہونا چاہیے: کتنے خاندان ایسے ہیں جو اب کسی امداد کے بغیر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکتے ہیں؟ کتنے نوجوانوں کو ہنر ملا؟ کتنے بچوں کو معیاری تعلیم ملی؟ کتنے کسانوں کی productivity بڑھی؟ کتنے چھوٹے کاروبار پیدا ہوئے؟ کتنے گھرانے بیماری کے بعد بھی غربت میں نہیں گرے؟ اور کتنے لوگ غربت کی لکیر عبور کر کے ایک باوقار زندگی تک پہنچے؟ یہی اصل معاشی کامیابی ہوگی۔ پاکستان کا مسئلہ یہ نہیں کہ اس کے پاس صلاحیت نہیں۔ اس سرزمین نے ڈاکٹر پیدا کیے، انجینئر پیدا کیے، سائنس دان پیدا کیے، مزدور پیدا کیے، کسان پیدا کیے، فنکار پیدا کیے، کاروباری پیدا کیے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے ان صلاحیتوں کے درمیان مواقع کی سڑکیں برابر نہیں بنائیں۔ کسی کے لیے راستہ شاہراہ ہے، کسی کے لیے کچی پگڈنڈی۔ کسی کے بچے کے ہاتھ میں جدید کتاب ہے، کسی کے بچے کے ہاتھ میں مزدوری کا اوزار۔ کسی نوجوان کے لیے دنیا کی یونیورسٹیاں کھلی ہیں، کسی کے لیے محلے کی ایک دکان بھی روزگار کا آخری دروازہ ہے۔ غربت دراصل مواقع کی غیر مساوی تقسیم کا دوسرا نام بھی ہے۔ اور جب مواقع چند ہاتھوں میں مرتکز ہو جائیں تو معاشرہ معاشی طور پر بھی بے توازن ہو جاتا ہے۔ پاکستان کو غربت کے خلاف کسی ایک منصوبے کی نہیں، ایک قومی معاشی عہد کی ضرورت ہے۔ تعلیم اس عہد کا قلم ہو۔ صحت اس کی بنیاد ہو۔ روزگار اس کی منزل ہو۔ ہنر اس کا راستہ ہو۔ انصاف اس کی روح ہو۔ اور انسانی وقار اس کا مقصد۔ کیونکہ قومیں صرف پل، سڑکیں اور عمارتیں بنا کر ترقی یافتہ نہیں ہوتیں۔ قومیں تب ترقی کرتی ہیں جب ایک غریب باپ اپنے بچے کو یہ کہہ سکے: ”بیٹا، تمہاری زندگی میری زندگی جیسی ہونے کے لیے مجبور نہیں۔“ یہ جملہ شاید کسی بھی معاشی پالیسی کی سب سے بڑی کامیابی ہوگا۔ غربت کا اژدھا واقعی بڑا ہے۔ اس کے دانت مہنگائی ہیں، اس کی آنکھیں بے روزگاری، اس کے پنجے جہالت، اس کی دم معاشی عدم مساوات، اور اس کا زہر وہ مایوسی ہے جو انسان کو اپنی ہی صلاحیت پر شک کرنا سکھا دیتی ہے۔ مگر اژدھے ناقابلِ شکست نہیں ہوتے۔ قومیں جب اپنے مسئلے کو پہچان لیں تو راستے پیدا ہوتے ہیں۔ پاکستان کو بھی ایک دن اس اژدھے کے سامنے کھڑا ہونا ہوگا۔ تلوار صرف تقریروں کی نہیں، پالیسی کی۔ جنگ صرف بجٹ کی نہیں، ذہن کی۔ اور تریاق صرف خزانے میں نہیں، انسان میں ہے۔ ہمیں غریب کو صرف روٹی نہیں دینی؛ اس کے ہاتھ میں وہ ہنر بھی دینا ہے جس سے وہ کل اپنی روٹی خود کما سکے۔ ہمیں بچے کو صرف سکول نہیں بھیجنا؛ اسے ایسی تعلیم دینی ہے جو اسے دنیا کے ساتھ قدم ملا کر چلنے کے قابل بنائے۔ ہمیں نوجوان کو صرف امید نہیں دینی؛ اسے موقع دینا ہے۔ اور شاید اسی دن غربت کا اژدھا پہلی مرتبہ زخمی ہوگا۔ کیونکہ غربت کا اصل تریاق دولت نہیں؛ مواقع ہیں۔ اور کسی قوم کی سب سے بڑی دولت اس کے خزانے میں نہیں، اس کے انسانوں کے اندر چھپی ہوئی صلاحیت میں ہوتی ہے۔ پاکستان کو اپنے لوگوں میں چھپی ہوئی اسی دولت کو دریافت کرنا ہوگا۔ ورنہ تاریخ ہم سے ایک ہی سوال پوچھتی رہے گی: اژدھا سامنے تھا، زہر رگوں میں اتر رہا تھا مگر تریاق کہاں تھا؟

Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی دھڑکن
آپکی خدمت میں پیش پیش
- کارپوریٹ
- کانفرنس/سیمینار
- فیشن شو/گالا ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنگشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینافلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویدرپروف پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083